زینت القراء قاری غلام رسول صاحب مدظلہ العالی

مکتبہ نوریہ رضویہ ۰ گلبرگ اے ۰ فیصل آباد

فہرست

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ؕ

ضرورتِ تجوید

"اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الۡمُرۡسَلِيۡنَ سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا وَشَفِيۡعِنَا وَمَوۡلَانَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصۡحَابِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ اَجۡمَعِيۡنَ" ؕ امابعد

قرآن کریم اللہ تعالٰی کی وہ آخری اور مکمّل کتاب ہے کہ جس نے گمراہ انسانوں کو سیدھا راستہ دکھایا اور منکرینِ خدا و رسول اسی قرآن ہی کی بدولت دُنیا کے عظیم ترین راہنما بن گئے، آج بھی جب کہ انسانیت پر گمراہی اور لادینیت چھا رہی ہے، ضرورت ہے کہ قرآنِ پاک کو زیادہ سے زیادہ پڑھا جائے اور سمجھا جائے تاکہ انسان اپنی زندگی کو قرآنی تعلیمات کی روشنی میں ایک اسلامی زندگی بنا سکے۔ اُصولی طور پر ہم تعلیماتِ قرآن کی تین قسمیں کرتے ہیں۔

۱- تلاوتِ قرآنِ پاک

۲- تفہیمِ قرآنِ پاک

۳- تعلیماتِ قرآنِ پاک پر عمل

اور یہ تو ظاہر ہی ہے کہ جب تلاوت ہی نہیں کریں گے تو ہم اسے سمجھ کیسے سکتے ہیں اور جب قرآنِ پاک کے معانی و مطالب ہی نہیں سمجھے تو قرآن پر عمل کا تصوّر ہی پیدا نہیں ہو سکتا لہٰذا سب سے پہلے ہمارے لئے ضروری ہے کہ ہم تلاوتِ قرآنِ پاک کو اپنی زندگی کا معمول بنا لیں لیکن یہ بھی یاد رہے کہ جس طرح قرآنِ کریم کو پڑھنا اور اس کو سمجھ کر اس پر عمل کرنا ضروری ہے اسی طرح

قرآن کو صحیح پڑھنا بھی نہایت ضروری ہے بلکہ قرآن حکیم کو صحیح سمجھنا اس کے صحیح پڑھنے پر ہی موقوف ہے مثلاً قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ میں قُلْ دو نقطوں والے قاف سے ہے جس کے معنی ہیں کہہ دو وہ اللہ ایک ہے اور اگر ہم اس کو کُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ یعنی کتاب والے کاف سے پڑھیں تو اس کے معنی بالکل اُلٹ ہو جائیں گے یعنی کھالو وہ اللہ ایک ہے۔ معاذ اللہ اور اس قسم کی سنگین غلطیاں ہم اکثر کرتے ہیں جس کی وجہ صرف یہی ہے کہ فنِ تجوید کی طرف توجہ نہیں دیتے۔

قرآنِ پاک کی محض تلاوت بھی ایک عبادت ہے

قرآنِ پاک کا صحیح تجوید کے ساتھ پڑھنا اگر قرآن کو صحیح سمجھنے کا ایک ذریعہ ہے تو مستقل ایک عبادت بھی ہے۔

حدیث[1]: "اَفْضَلُ الْعِبَادَةِ تِلَاوَةُ الْقُرْاٰنِ"۔

یعنی عبادتوں میں افضل عبادت قرآن کی تلاوت ہے۔

حدیث[2]: "مَنْ قَرَءَ مِنَ الْقُرْاٰنِ حَرْفًا فَلَهٗ عَشْرُ حَسَنَاتٍ"۔

یعنی جس شخص نے قرآنِ پاک کا ایک حرف پڑھا اس کے لئے دس نیکیاں ہیں۔

حدیث[3]: خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَهٗ

یعنی تم میں سے بہتر وہ شخص ہے جو قرآنِ پاک خود پڑھے اور دوسروں کو پڑھائے۔

اس سلسلے میں کئی احادیث موجود ہیں مگر اس فضیلت اور ثواب کے حقدار ہم اس وقت ہوں گے جبکہ قرآنِ مجید کو صحیح پڑھا جائے جیسے کہ یہ قرآنِ کریم نازل ہوا اور حضور نبی کریم نے پڑھا اور صحابہ کو تعلیم دی ورنہ بجائے ثواب کے اُلٹا گناہ ہوگا جیسے کہ حدیث پاک میں ہے۔

حدیث: "رُبَّ قَارِئٍ لِّلْقُرْاٰنِ يَلْعَنُهٗ"۔

بہت سے قرآن پڑھنے والے ایسے ہیں کہ الٹا قرآن ان پر لعنت کرتا ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ وہی لوگ ہیں جو قرآن کو صحیح نہیں پڑھتے یا قرآن پڑھ کر عمل نہیں کرتے۔ اس کے بعد اب یہ معلوم ہونا ضروری ہے کہ وہ کون سا طریقہ ہے جس کے اختیار کرنے سے قرآن حکیم کو صحیح پڑھا جا سکتا ہے تو جاننا چاہیئے کہ خاص طریقہ اور قواعد جن پر عمل کرنے سے آدمی صحیح قرآن پڑھ سکتا ہے۔ وہ فنِ تجوید ہے۔

فنِ تجوید اور اس کی تعریف

کسی بھی علم یا فن کو شروع کرنے سے پیشتر اس کی تعریف، موضوع اور اس کی غرض و غایت اور یہ کہ اس فن یا علم کا شرعی طور پر حاصل کرنے یا نہ کرنے کا کیا حکم ہے معلوم کرنا ضروری ہے۔

تعریف: تجوید کا لغوی معنیٰ ستھرا یا کھرا کرنا اور اصطلاح قراء میں حروف کو ان کے مخارج سے صفاتِ لازمہ و عارضہ کے ساتھ ادا کرنے کو تجوید کہا جاتا ہے۔

موضوع: فنِ تجوید کا موضوع حروفِ تہجی ہیں۔

غرض و غایت: فنِ تجوید کی غرض و غایت یہ ہے کہ قرآن کو صحیح پڑھا جائے۔

فنِ تجوید شرعی طور پر ہر مسلمان مرد اور عورت پر حاصل کرنا واجب ہے اور کتابی صورت میں یہ علم حاصل کرنا فرضِ کفایہ ہے جیسے قرآن پاک میں ہے۔

قرآن: اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ ؕ

ترجمہ: جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی ہے وہ اس طرح اس کی تلاوت کرتے ہیں جو تلاوت کرنے کا حق ہے۔

وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ؕ

ترجمہ: قرآنِ کریم خوب ٹھہر ٹھہر کر ہر حرف کو ایک دوسرے سے جدا کر کے پڑھو۔

خوش آوازی جس سے قواعد بگڑیں، قطعاً ممنوع ہے۔

"وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا"

قرآن:- ترتیل: "خَفْضُ الصَّوْتِ وَتَحْسِيْنُ الصَّوْتِ"

(ترجمہ) پڑھائی کے وقت آواز کو پست اور ہلکا کرنا اور خوش آوازی سے پڑھنا۔ (المنجد)

حدیث: "زَيِّنُوا الْقُرْاٰنَ بِاَصْوَاتِكُمْ"

ترجمہ:- قرآن کریم کو اپنی آوازوں سے آراستہ کرو۔ (ابوداؤد ونسائی)

حدیث: "لِكُلِّ شَيْئٍ حِلْيَةٌ وَّحِلْيَةُ الْقُرْاٰنِ حُسْنُ الصَّوْتِ"

ترجمہ:- ہر چیز کے لئے ایک زیور ہوتا ہے اور قرآن کا زیور خوش آوازی ہے۔

حدیث:- "حَسِّنُوا الْقُرْاٰنَ بِاَصْوَاتِكُمْ فَاِنَّ الصَّوْتَ الْحَسَنَ يَزِيْدُ الْقُرْاٰنَ حُسْنًا"

ترجمہ:- قرآن کریم کو اپنی آوازوں سے خوبصورت کرو، تحقیق اچھی آواز قرآن کے حسن میں اضافہ کرتی ہے۔

آدابِ تلاوت

قرآن پاک کو باوضو ہو کر پاک لباس میں اور پاک جگہ میں پڑھنا چاہیئے۔ دوران تلاوت گفتگو نہیں کرنی چاہیئے، تلاوت رو بقبلہ ہو کر کرنی چاہیئے جب تلاوت کی جائے تو "اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ" پڑھنا چاہیئے اور جب سورت کو شروع کریں تو "بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ" اور اگر تلاوت کی ابتداء ہی کسی سورت سے کی جائے تو دونوں کو پڑھنا چاہیئے۔

اصطلاحاتِ ضروریّہ

۱۔ **حروف:** الف سے یا تک تمام حروف ہیں جن کی تعداد انتیس ہے۔

۲۔ **حروفِ متشابہ:** جن کی شکل ملتی جلتی ہو صرف نقطے کا فرق ہو جیسے ب، ت، وغیرہ۔

۳۔ **حروفِ غیر متشابہ:** جن کی شکل ایک دوسرے سے ملتی جلتی نہ ہو جیسے ب، ج وغیرہ۔

۴۔ **حروفِ قریب الصَّوت:** جن کی آواز دوسرے حرف سے ملتی ہو جیسے ت، ط وغیرہ۔

۵۔ **حروفِ بعید الصَّوت:** جن کی آواز دوسرے حرف سے نہ ملتی ہو جیسے ح، د، ج وغیرہ۔

۶۔ **حروفِ مُعجمہ یا منقوطہ:** نقطے والے حروف جیسے ب، ج وغیرہ

۷۔ **حروفِ مہملہ یا غیر منقوطہ:** جن پر نقطہ نہ ہو جیسے ح، د، ر وغیرہ

۸۔ **حروفِ فوقانی:** جن کے اوپر نقطہ ہو جیسے ت، خ وغیرہ

۹۔ **حروفِ تحتانی:** جن کے نیچے نقطہ ہو جیسے ب وغیرہ

۱۰۔ **حروفِ متوسّط:** جن کے درمیان نقطہ ہو جیسے ج وغیرہ

۱۱۔ **حروفِ حلقی:** وہ حروف جو حلق سے ادا ہوتے ہیں، جیسے ء، ہ، ع، ح، غ، خ

۱۲۔ **حروفِ لہاتیہ:** وہ حروف جو کوّے سے متصل زبان کی جڑ اور تالو سے ادا ہوں۔ ق۔ ک

۱۳۔ **حروفِ شجریہ:** وہ حروف جو وسطِ زبان اور مقابل کے تالو سے ادا

ہوتے ہیں ج، ش، ی وغیرہ۔

۱۴۔ **حافیہ** : وہ حرف جو زبان کے بغلی کنارہ سے نکلتا ہے ض۔

۱۵۔ **حروفِ طرفیہ یا ذلقیہ** : وہ حروف جو زبان کے کنارے سے نکلتے ہیں، ل، ن، ر۔

۱۶۔ **حروفِ نطعیہ** : وہ حروف جو تالو کے اگلے حصّے سے نکلتے ہیں۔ ت، د، ط۔ تالو کے اگلے حصّے کو نطع کہتے ہیں۔

۱۷۔ **حروفِ لثویہ** : ث، ذ، ظ۔ یہ حروف جن دانتوں کے سروں سے ادا ہوتے ہیں وہ دانت لثہ یعنی مسوڑھوں میں لگے ہوتے ہیں۔

۱۸۔ **حروفِ اسلیہ** : وہ حروف جو زبان کی نوک سے ادا ہوتے ہیں، اَلْاَسَلَتہُ کے معنیٰ ہیں زبان کی نوک۔ ز، س، ص۔

۱۹۔ **حرفِ بحری** : وہ حرف جو ہونٹوں کی تری سے نکلے جیسے ب۔

۲۰۔ **حرفِ برّی** : وہ حرف جو ہونٹوں کی خشکی سے نکلے جیسے م۔

۲۱۔ **حروفِ شفویہ** : وہ حروف جو ہونٹوں سے ادا ہوں ب، م، و، ف۔

۲۲۔ **حروفِ مدّہ یا ہوائیہ** : وہ حروف جو ہوا پر ختم ہوں ا، و، ی ساکن، ماقبل حرکت موافق۔

۲۳۔ **حروفِ لین** : وہ حروف جو نرمی سے ادا ہوں واؤ، یا ساکن ماقبل مفتوح۔

۲۴۔ **حروفِ متحد المخرج** : وہ حروف جن کا مخرج ایک ہو جیسے ت، د، ط۔

۲۵۔ **حروفِ مختلف المخرج** : وہ حروف جن کے مخرج الگ الگ ہوں جیسے ب، ج۔

۲۶۔ **حروفِ متّحدُ المخرج و متّحدُ الصّفات**: وہ حروف جن کا مخرج اور صفات ایک ہوں جیسے مَدَّ میں دال۔

۲۷۔ **حروفِ مختلفُ الصّفات و مختلفُ المخارج**: جن کے مخارج بھی جدا جدا اور صفات بھی جدا ہوں جیسے ث، طا وغیرہ۔

۲۸۔ **حروفِ متّحدُ المخرج اور مختلفُ الصّفات**: وہ حروف جن کا مخرج تو ایک ہو مگر صفات الگ الگ، ث، ظا وغیرہ۔

۲۹۔ **حرکت**: زیر، زبر اور پیش کو کہتے ہیں۔

۳۰۔ **متحرّک**: جس پر زیر، زبر یا پیش ہو۔

۳۱۔ **فتحہ**: زبر کو کہتے ہیں اور جس پر فتحہ ہو اسے مفتوح کہتے ہیں۔

۳۲۔ **کسرہ**: زیر کو کہتے ہیں اور جس حرف کے نیچے کسرہ ہو اسے مکسور کہتے ہیں۔

۳۳۔ **ضمّہ**: پیش کو کہتے ہیں اور جس حرف پر ضمہ ہو اُسے مضموم کہتے ہیں۔

۳۴۔ **سکون**: جزم کو کہتے ہیں اور جس حرف پر سکون ہو اسے ساکن کہتے ہیں۔

۳۵۔ **تشدید**: شدّ کو کہتے ہیں جس حرف پر شدّ ہو اسے مشدّد کہتے ہیں۔

۳۶۔ **تنوین**: ً ٍ ٌ دو زبر، دو زیر اور دو پیش کو کہتے ہیں اور جس حرف پر تنوین ہو اُسے منوّن کہتے ہیں۔

۳۷۔ **حروفِ ممدودہ**: جن پر مدّ ہو۔

۳۸۔ **فتحہ اشباعی**: کھڑی زبر کو کہتے ہیں۔

۳۹۔ **کسرہ اور ضمّہ اشباعی**: ٖ ٗ کھڑی زیر اور الٹی پیش کو کہتے ہیں۔

۴۰۔ **اِمالہ**: الف کو یا اور زبر کو زیر کی طرف مائل کر کے پڑھنا۔

۴۱۔ **ماقبل**: حرف سے پہلے حرف کو ماقبل کہتے ہیں۔

۴۲۔ **مابعد**: حرف کے بعد والے حرف کو مابعد کہتے ہیں۔

۴۳۔ **حروفِ قمریہ**: جن حروف سے پہلے لامِ تعریف پڑھا جائے اَلْبَلَاغُ اَلْکِتَابُ وغیرہ۔ یہ حروف چودہ ہیں جن کا مجموعہ ہے اَبْغِ حَجَّکَ وَخَفْ عَقِیْمَتَہٗ۔

۴۴۔ **حروفِ شمسیہ**: جن حروف سے پہلے لامِ تعریف نہ پڑھا جائے جیسے اَلرَّحْمٰنُ، اَلثَّاقِبُ وغیرہ۔ حروفِ شمسی بھی چودہ ہیں جو حروفِ قمری کے علاوہ ہیں۔

۴۵۔ **وقف**: کسی کلمے کے آخری حرف پر سانس آواز دونوں کو روک کر ٹھہر جانا اور اگر وہ متحرک ہے تو اُسے ساکن کر دینا۔

۴۶۔ **موقوف علیہ**: جس حرف پر وقف کیا جائے۔

۴۷۔ **وقف بالاسکان**: جس حرف پر وقف کیا، اس کو ساکن کر دیا۔ یہ تینوں حرکتوں میں ہوتا ہے۔

۴۸۔ **وقف بالرَّوم**: جس حرف پر وقف کیا، اس کو تھوڑی سی حرکت دینا، یہ زیر اور پیش میں ہوتا ہے۔

۴۹۔ **وقف بالاشمام**: جس حرف پر وقف کیا، اس کو ساکن کر کے ہونٹوں سے پیش کی طرف اشارہ کرنا، یہ ضمہ میں ہوتا ہے۔

۵۰۔ **ابتداء**: جس کلمے پر وقف کیا پھر اس سے آگے پڑھنا۔

۵۱۔ **اعادہ**: جس کلمے پر وقف کیا، ربطِ کلام کے لئے اس سے یا اس سے پہلے والے کلمے سے پڑھنا۔

۵۲۔ **اظہار**: نون ساکن، نون تنوین اور میم ساکن کو بغیر غنہ کے پڑھنا۔

۵۳۔ **غنہ**: ناک میں آواز لے جا کر پڑھنا۔

۵۴۔ **اِدغام**: دو حرفوں کو ملا کر ایک کر دینا۔

۵۵۔ مدغم : وہ حرف جسے دُوسرے حرف میں مِلایا جائے۔

۵۶۔ مدغم فیہ : جس حرف میں مِلایا جائے۔

۵۷۔ ابدال : ایک حرف کو دُوسرے حرف سے بدل دینا۔

۵۸۔ اِقلاب : نون ساکن اور نون تنوین کو میم سے بدل دینا۔

۵۹۔ اِخفاء : اِدغام اور اظہار کی درمیانی حالت۔

۶۰۔ تفخیم : حرف کو پُر پڑھنا۔

۶۱۔ ترقیق : حروف کو باریک پڑھنا۔

۶۲۔ ترتیل : بہت ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا۔

۶۳۔ حدر : جلدی جلدی پڑھنا جس سے تجوید نہ بگڑے۔

۶۴۔ تدویر : ترتیل اور حدر کی درمیانی رفتار سے پڑھنا۔

۶۵۔ استعاذہ : اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ پڑھنا۔

۶۶۔ بسملہ : بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ پڑھنا۔

۶۷۔ مَدّ : حرف کو اس کی اصل مقدار سے لمبا کر کے پڑھنا۔

۶۸۔ قصر : حرف کو بغیر مَدّ کے اس کی اصلی مقدار جتنا پڑھنا۔

۶۹۔ مخارج : منہ کے وہ حصّے جہاں سے حروف ادا ہوتے ہیں۔

———✲———

حُروفِ تہجی کے بیان میں

کُل حروف اُنتیس ہیں اور اُن کے نام اِس طرح ہیں:۔

اَ (الف)، بَ (باء)، تَ (تاء)، ثَ (ثاء)، جَ (جیم)، حَ (حاء) خَ (خاء)، دَ (دال)، ذَ (ذال)، رَ (راء)، زَ (زاء)، سَ (سین)، شَ (شین) صَ (صاد)، ضَ (ضاد)، طَ (طا)، ظَا (ظاء)، عَ (عین)، غَ (غین)، فَ (فاء)، قَ (قاف)، کَ (کاف)، لَ (لام)، مَ (میم)، نَ (نون)، وَ (واؤ)، ہَ (ھاء) ءَ (ہمزہ)، یَ (یاء)۔

حرکات کے ادا کرنے کا طریقہ

فتحہ: زبر کو کہتے ہیں، یہ حرکت مُنہ اور آواز کھول کر ادا ہوتی ہے جیسے تَ۔

کسرہ: زیر کو کہتے ہیں، یہ حرکت مُنہ اور آواز کو نیچے گرا کر ادا ہوتی ہے جیسے تِ۔

ضمّہ: پیش کو کہتے ہیں، یہ حرکت ہونٹوں کو گول کر کے ناتمام ملانے سے ادا ہوتی ہے۔ جیسے تُ۔ نیز اِن حرکات کو دُگنی مقدار میں ادا کرنے سے اَلفؔ، واؤ اور یائے مَدّہ پیدا ہوتے ہیں۔

مخارجِ حروف

اُصولِ مخارج: اصولِ مخارج پانچ ہیں:۔

۱۔ حلق ۲۔ لِسان ۳۔ شَفَتَین ۴۔ جوفِ دہن ۵۔ خَیشوم

اَب تمام حروف کو اِن کے صحیح مخارج سے بمع اَمثلہ ساکن و متحرک بیان کیا جاتا ہے:۔

حلق

حلق کے تین حصے ہیں   انتہائے حلق   وسطِ حلق   ابتدائے حلق

پہلا مخرج : انتہائے حلق : یہ ء اور ھاء کا مخرج ہے۔

مفردات

	مفتوح	مکسور	مضموم	ساکن ماقبل مفتوح	ساکن ماقبل مکسور	ساکن ماقبل مضموم
ء	ءَ	ءِ	ءُ	فَأْتُوْا	بِئْسَمَا	یُؤْمِنُوْنَ
ہ	ہَ	ہِ	ہُ	تَہْتَدُوْا	اِہْدِنَا	مُہْتَدِیْنَ

مرکّبات

	مفتوح	مکسور	مضموم	ساکن ماقبل مفتوح	ساکن ماقبل مکسور	ساکن ماقبل مضموم
ء	یَسْئَلُ	سُئِلَ	یُنَبِّئُهُمْ	فَأْتُوْا	بِئْسَمَا	یُؤْمِنُوْنَ
ہ	اَشْهَدُ	رَبِّهِمْ	مِنْهُمْ	تَهْتَدُوْا	اِهْدِنَا	مُهْتَدِیْنَ

دوسرا مخرج ، وسطِ حلق : یہ ع اور ح کا مخرج ہے۔

مفردات

	مفتوح	مکسور	مضموم	ساکن ماقبل مفتوح	ساکن ماقبل مکسور	ساکن ماقبل مضموم
ع	عَ	عِ	عُ	اَعْ	اِعْ	اُعْ
ح	حَ	حِ	حُ	اَحْ	اِحْ	اُحْ

مرکّبات

	مفتوح	مکسور	مضموم	ساکن ماقبل مفتوح	ساکن ماقبل مکسور	ساکن ماقبل مکسور
ع	اَنْعَمْتَ	عِلْمٌ	عُلُوْمٌ	یَعْلَمُ	اِعْلَمُوْا	اُعْبُدُوا اللّٰهَ
ح	حَمِدَ	رَحِمَ	حُکْمٌ	اَحْمَدُ	اِحْسَانٌ	مُحْسِنٌ

تیسرا مخرج : ابتدائے حلق۔ یہ غ اور خ کا مخرج ہے۔

مفردات

	مفتوح	مکسور	مضموم	ساکن ماقبل مفتوح	ساکن ماقبل مکسور	ساکن ماقبل مضموم
غ	غَ	غِ	غُ	اَغْ	اِغْ	اُغْ
خ	خَ	خِ	خُ	اَخْ	اِخْ	اُخْ

مرکّبات

	مفتوح	مکسور	مضموم	ساکن ماقبل مفتوح	ساکن ماقبل مکسور	ساکن ماقبل مضموم
غ	غَفُوْرٌ	بُغِیَ	غُرُوْبٌ	مَغْفِرَةٌ	اِسْتِغْفَارٌ	طُغْیَانًا
خ	خَوْفٌ	اٰخِرُ	خُلُقٌ	مَخْلُوْقٌ	اِخْوَةٌ	یُخْرِجُ

مندرجہ بالا مخارج کے چھ حرف کو حروفِ حلقی کہتے ہیں۔

۲۔ لِسان (زبان)

زبان کے تین حصے ہیں:

۱۔ زبان کی جڑ ۲۔ وسطِ زبان ۳۔ نوکِ زبان

چوتھا مخرج : زبان کی جڑ اور تالو کا نرم حصہ، یہ ق کا مخرج ہے۔

مفردات

	مفتوح	مکسور	مضموم	ساکن ماقبل مفتوح	ساکن ماقبل مکسور	ساکن ماقبل مضموم
ق	قَ	قِ	قُ	اَقْ	اِقْ،	اُقْ

مرکّبات

	مفتوح	مکسور	مضموم	ساکن ماقبل مفتوح	ساکن ماقبل مکسور	ساکن ماقبل مضموم
ق	قَالَ	قِیْلَ	قُلْ	اَقْرَبُ	اِقْتَرَبَ	یُقْرِضُ

پانچواں مخرج : ق کے مخرج سے تھوڑا سا منہ کی طرف ہٹ کر زبان کی جڑ اور تالو کا سخت حصہ یہ ک کا مخرج ہے۔

مفردات

	مفتوح	مکسور	مضموم	ساکن ماقبل مفتوح	ساکن ماقبل مکسور	ساکن ماقبل مضموم
ک	کَ	کِ	کُ	اَکْ	اِکْ	اُکْ

مرکبات

	مفتوح	مکسور	مضموم	ساکن ماقبل مفتوح	ساکن ماقبل مکسور	ساکن ماقبل مضموم
ک	کَتَبَ	کِتَابٌ	کُتِبَ	تَکْتُمُوْنَ	اِکْرَامٌ	شُکْرٌ

چھٹا مخرج : وسطِ زبان اور وسطِ تالو۔ یہ ج اور ش اور یٰ[1] (غیر مدّہ) کا مخرج ہے۔

مفردات

	مفتوح	مکسور	مضموم	ساکن ماقبل مفتوح	ساکن ماقبل مکسور	ساکن ماقبل مضموم
ج	جَ	جِ	جُ	اَجْ	اِجْ	اُجْ
ش	شَ	شِ	شُ	اَشْ	اِشْ	اُشْ
ی	یَ	یِ	یُ	اَیْ	اِیْ	

نوٹ : یاء ساکن ماقبل مکسور میں یاء مدّہ ہو جاتی ہے اور یاء ساکن ماقبل مضموم کی کوئی مثال نہیں۔

---

[1] اس یاء سے مراد وہ یاء ہے جو خود متحرک ہو یا خود ساکن ہو اور ماقبل مفتوح ہو کیونکہ یائے مدّہ کا مخرج جوفِ دہن ہے۔

مرکّبات

	مفتوح	مکسور	مضموم	ساکن ماقبل مفتوح	ساکن ماقبل مکسور	ساکن ماقبل مضموم
ج	جَهَدَ	جِهَادٌ	وُجُوْہٌ	تَجْعَلُ	رِجْزًا	تُجْزِیْ
ش	شَهِدَ	شِقَاقٌ	شُهَدَاءُ	يَشْعُرُوْنَ	عِشْرُوْنَ	مُشْفِقُوْنَ
ی	يَفْعَلُ	بَيِّنَاتٌ	يُخْدِعُوْنَ	بَيْعٌ	بِيْعٌ	

اِس کے بعد جو حُروف ہیں ان کا تعلّق دانتوں سے بھی ہے اِس لئے دانتوں کی اِقسام بیان کی جاتی ہیں۔

دانتوں کی اَقسام

کل دانت بتّیس ہیں، اِن کی چھ اقسام ہیں

۱۔ ثنایا : سامنے کے دو اوپر اور دو نیچے والے دانت۔ اُوپر والے دانتوں کو ثنایاعلیا اور نیچے والے دانتوں کو ثنایا سفلےٰ کہتے ہیں۔

۲۔ رباعیات : ثنایا کے دائیں اور بائیں اوپر نیچے ایک ایک، کل چار دانت۔

۳۔ انیاب : رباعیات کے دائیں بائیں اوپر نیچے ایک ایک، کل چار دانت۔

۴۔ ضَواحِک : انیاب کے دائیں بائیں اوپر نیچے ایک ایک، کل چار داڑھیں۔

۵۔ طواحن : ضَواحِک کے دائیں بائیں اوپر نیچے تین تین، کل بارہ داڑھیں۔

۶۔ نواجذ : طواحن کے دائیں بائیں اوپر نیچے ایک ایک، کل چار داڑھیں۔

ساتواں مخرج (حافۂ لسان)

یعنی زبان کا بغلی کنارہ جو حلق کی طرف ہے اس کے دائیں یا بائیں

اُوپر کی داڑھوں کی جڑیں، یہ ضَ کا مخرج ہے۔

مفردات

	مفتوح	مکسور	مضموم	ساکن ماقبل مفتوح	ساکن ماقبل مکسور	ساکن ماقبل مضموم
ض	ضَ	ضِ	ضُ	اَضْ	اِضْ	اُضْ

مرکبات

	مفتوح	مکسور	مضموم	ساکن ماقبل مفتوح	ساکن ماقبل مکسور	ساکن ماقبل مضموم
ض	ضَرَبَ	اَرْضِ	ضُرِبَتْ	یَضْرِبُ	اِضْرِبْ	مُضْعِفُوْنَ

آٹھواں مخرج ؛ طرفِ لسان اور ضواحک سے ثنایا تک مقابل کا تالُو، یہ لَام کا مخرج ہے۔

مفردات

	مفتوح	مکسور	مضموم	ساکن ماقبل مفتوح	ساکن ماقبل مکسور	ساکن ماقبل مضموم
ل	لَ	لِ	لُ	اَلْ	اِلْ	اُلْ

مرکبات

	مفتوح	مکسور	مضموم	ساکن ماقبل مفتوح	ساکن ماقبل مکسور	ساکن ماقبل مضموم
ل	فَعَلَ	ذٰلِكَ	یَفْعَلُ	جَعَلْنَا	عِلْمٌ	قُلْنَا

نواں مخرج : لام کے مخرج سے تھوڑا سا مُنہ کی طرف ہٹ کر انیاب سے ثنایا تک مقابل کا تالُو، نؔ کا مخرج ہے۔

مفردات

	مفتوح	مکسور	مضموم	ساکن ماقبل مفتوح	ساکن ماقبل مکسور	ساکن ماقبل مضموم
ن	نَ	نِ	نُ	اَنْ	اِنْ	اُنْ

مرکبات

	مفتوح	مکسور	مضموم	ساکن ماقبل مفتوح	ساکن ماقبل مکسور	ساکن ماقبل مضموم
ن	مَنَعَ	حَنِیْفٌ	نُؤْمِنُ	اَنْتُمْ	مِنْکُمْ	کُنْتُمْ

دسواں مخرج: نوکِ زبان مائل بہ پشت اور مقابل کا تالو، یہ رَاءْ کا مخرج ہے۔

مفردات

	مفتوح	مکسور	مضموم	ساکن ماقبل مفتوح	ساکن ماقبل مکسور	ساکن ماقبل مضموم
ر	رَ	رِ	رُ	اَرْ	اِرْ	اُرْ

مرکبات

	مفتوح	مکسور	مضموم	ساکن ماقبل مفتوح	ساکن ماقبل مکسور	ساکن ماقبل مضموم
ر	اَمَرَ	فَرِحَ	کَرُمَ	یُرْزَقُ	اُمِرْتُمْ	نُرْسِلُ

گیارہواں مخرج نوکِ زبان اور ثنایاء علیا کی جڑیں، یہ تَ، دَ، طَ کا مخرج ہے۔

مفردات

	مفتوح	مکسور	مضموم	ساکن ماقبل مفتوح	ساکن ماقبل مکسور	ساکن ماقبل مضموم
ت	تَ	تِ	تُ	اَتْ	اِتْ	اُتْ

د	دَ	دِ	دُ	اَدْ	اِدْ	اُدْ
ط	طَ	طِ	طُ	اَطْ	اِطْ	اُطْ

مرکّبات

	مفتوح	مکسور	مضموم	ساکن ماقبل مفتوح	ساکن ماقبل مکسور	ساکن ماقبل مضموم
ت	کَتَبَ	کُتِبَ	یَکْتُبُ	یَتْلُوْا	فِتْنَۃٌ	اُتْلُ
د	اٰدَمُ	دِمَاءٌ	اَلْحَمْدُ	قَدْ	اِدْفَعْ	یُدْرِکُ
ط	بَسَطَ	بَاطِلٌ	یَطُوْنَ	مَطْلُوْبٌ	اِطْعَامٌ	مُطْمَئِنٌّ

بارہواں مخرج نوکِ زبان اور ثنایا علیا کے کنارے، یہ ث، ذ، ظ کا مخرج ہے۔

مفردات

	مفتوح	مکسور	مضموم	ساکن ماقبل مفتوح	ساکن ماقبل مکسور	ساکن ماقبل مضموم
ذ	ذَ	ذِ	ذُ	اَذْ	اِذْ	اُذْ
ث	ثَ	ثِ	ثُ	اَثْ	اِثْ	اُثْ
ظ	ظَ	ظِ	ظُ	اَظْ	اِظْ	اُظْ

مرکّبات

	مفتوح	مکسور	مضموم	ساکن ماقبل مفتوح	ساکن ماقبل مکسور	ساکن ماقبل مضموم
ذ	ذَهَبَ	اُذِنَ	یَاْخُذُ	یَذْهَبُ	اِذْهَبْ	مُذْنِبِیْنَ
ث	ثَمَرٰتٌ	اِثْمِیْنَ	یُغَاثُ	اَثْمَرَ	مِثْلٌ	وُثْقٰی

ظ	ظَھَرَ	ظِلَالٍ	یَنظُرُوْنَ	یَظْلِمُ	حَافِظْ	یُظْلَمُوْنَ

تیرھواں مخرج : نوکِ زبان اور ثنایا سفلیٰ کا کنارہ مع اتصال ثنایا علیا، یہ ز، س، ص کا مخرج ہے۔

مفردات

	مفتوح	مکسور	مضموم	ساکن ماقبل مفتوح	ساکن ماقبل مکسور	ساکن ماقبل مضموم
ز	زَ	زِ	زُ	اَزْ	اِزْ	اُزْ
س	سَ	سِ	سُ	اَسْ	اِسْ	اُسْ
ص	صَ	صِ	صُ	اَصْ	اِصْ	اُصْ

مرکّبات

	مفتوح	مکسور	مضموم	ساکن ماقبل مفتوح	ساکن ماقبل مکسور	ساکن ماقبل مضموم
ز	وَزَنَ	تِزِرُ	زُبُرٌ	وَازْدَادُوْا	رِزْقٌ	جُزْءٌ
س	کَسَبَ	یَکْسِبُ	سُئِلَ	اَسْلَمَ	اِسْحٰقَ	مُسْتَقِیْمٌ
ص	صَدَقَ	صِرَاطًا	صُدُوْرٌ	اَصْدَقُ	مِصْبَاحٌ	مُصْلِحُوْنَ

۳۔ شَفَتَیْن

چودھواں مخرج : ثنایا علیا کا کنارہ اور نچلے ہونٹ کا تر حصہ، یہ ف کا مخرج ہے۔

مفردات

	مفتوح	مکسور	مضموم	ساکن ماقبل مفتوح	ساکن ماقبل مکسور	ساکن ماقبل مضموم
ف	فَ	فِ	فُ	اَفْ	اِفْ	اُفْ

مرکبات

	مفتوح	مکسور	مضموم	ساکن ماقبل مفتوح	ساکن ماقبل مکسور	ساکن ماقبل مضموم
ف	فَسَدَ	مَغْفِرَةٌ	فُتِحَتْ	يَفْعَلُ	مِفْتَاحٌ	مُفْلِحُوْنَ

پندرھواں مخرج: دونوں ہونٹ، یہ ب، م، و غیر مدّہ کا مخرج ہے۔

دونوں ہونٹوں کے تر حصّوں سے: بْ

دونوں ہونٹوں کے خشک حصّوں سے: مْ

دونوں ہونٹوں کو گول کر کے ناتمام ملانے سے واؤ غیر مدّہ یعنی واؤ لین اور واؤ متحرک ادا ہوتی ہے۔

مفردات

	مفتوح	مکسور	مضموم	ساکن ماقبل مفتوح	ساکن ماقبل مکسور	ساکن ماقبل مضموم
ب	بَ	بِ	بُ	اَبْ	اِبْ	اُبْ
م	مَ	مِ	مُ	اَمْ	اِمْ	اُمْ
و	وَ	وِ	وُ	اَوْ[1]		اُوْ

مرکبات

	مفتوح	مکسور	مضموم	ساکن ماقبل مفتوح	ساکن ماقبل مکسور	ساکن ماقبل مضموم
ب	ضَرَبَ	حَبِطَ	حَسْبُنَا	قَبْلُ	اِبْرَاهِيْمَ	يُبْصِرُوْنَ
م	مَنَعَ	سَمِعَ	يَحْكُمُ	اَمْرُنَا	اِمْلَاءً	كُنْتُمْ
و	وَعَدَ	وِلْدَانٌ	وُجُوْهٌ	جَوْفٌ		نُوْرٌ

---

[1] واؤ ساکن ماقبل مکسور نہیں ہو سکتا اور واؤ ساکن ماقبل مضموم واؤ مدّہ کی مثال ہے۔

۴۔ جوفِ دہن

سولہواں مخرج ؛ جوفِ دہن ، یہ حروفِ مدّہ کا مخرج ہے۔

حروفِ مدّہ تین ہیں ا ۔ و ۔ ی ، یعنی الف ساکن ماقبل مفتوح (یا) ساکن ماقبل مکسور ، واؤ ساکن ماقبل مضموم ، مثلاً نُوْحِیْھَا۔

۵۔ خیشوم

سترھواں مخرج ؛ خیشوم یعنی ناک کا بانسہ ، یہ غُنّہ کا مخرج ہے۔

صفاتِ حروف

حرُوف کی صحیح ادائیگی اور ایک حرف کو دُوسرے سے صحیح طور پر مُمتاز کرنے کے لئے مخارج کی طرح حروف کی کچھ صفات بھی ہیں ۔ صِفات ، صفت کی جمع ہے ، صفت اِس خاص کیفیت کو کہتے ہیں جو کسی شئے کے ساتھ قائم ہو۔

اصطلاحِ تجوید میں صفت حرف کی اِس حالت یا کیفیت کو کہتے ہیں جس سے حرف کا پر یا باریک ہونا ، قوی یا ضعیف ہونا وغیرہ معلوم ہو اور جس سے ایک مخرج کے چند حرُوف میں تمیز ہو جائے مثلاً تا ، طا ، ان کا مخرج تو ایک ہے مگر تا صفتِ اِستِفال اور اِنفتاح کی وجہ سے باریک اور طا صفتِ استِعلا اور اِطباق کی وجہ سے پُر پڑھا جاتا ہے۔

صِفات کی دو قسمیں ہیں : ۱۔ صفاتِ لازمہ ۲۔ صفاتِ عارضہ

صفاتِ لازمہ : جو حرف کے لئے ہر وقت ضروری ہوں اور بغیر ان کے حرف ادا نہ ہو سکے مثلاً اگر دال میں صفتِ قلقلہ ادا نہ ہو تو دال ادا ہی نہ ہوگی۔

صفاتِ عارضہ ؛ جو حرف کے لئے کبھی ہوں اور کبھی نہ ہوں ، ان کے

بغیر بھی حرف ادا ہو سکتا ہے، صرف حرف کی تحسین نہ رہے مثلاً (راء) اگر مکسور ہو تو باریک اور اگر مفتوح و مضموم ہو تو پُر پڑھی جاتی ہے مثلاً رَبّكَ، يَحْشُرُ۔

صفاتِ لازمہ کی اقسام

۱. صفاتِ لازمہ متضادہ ۲. صفاتِ لازمہ غیر متضادہ

۱. صفاتِ لازمہ متضادہ: جو ایک دوسرے کی ضد ہوں (یہ دس ہیں)

صفت	ضد
۱. ہمس	۶. جہر
۲. شدّت، متوسط	۷. رخاوت
۳. استعلاء	۸. استفال
۴. اطباق	۹. انفتاح
۵. اذلاق	۱۰. اصمات

ہمس: لغوی معنی: پستی، اصطلاحِ تجوید میں پست اور ضعیف آواز کو کہتے ہیں، جن حروف میں یہ صفت پائی جاتی ہے، ان کو حروفِ مہموسہ کہتے ہیں، حروفِ مہموسہ کو ادا کرتے وقت سانس آہستگی سے جاری رہتا ہے جس کی وجہ سے آواز میں پستی اور کمزوری پائی جاتی ہے حروفِ مہموسہ دس ہیں جن کا مجموعہ فَحَثَّهُ شَخْصٌ سَكَتَ ہے۔

جہر: یہ صفت ہمس کی ضد ہے۔

لغوی معنے: اُونچائی۔ اصطلاحِ تجوید میں بلند اور قوی آواز کو کہتے ہیں، جن حروف میں یہ صفت پائی جائے ان حروف کو مجہورہ کہا جاتا ہے حروفِ مجہورہ کو ادا کرتے وقت سانس رک جاتا ہے جس کی وجہ سے آواز میں

بلندی اور قوّت پائی جاتی ہے۔ حروفِ مہموسہ کے علاوہ باقی انیس حروف مجہورہ ہیں۔

شِدّت : لغوی معنے سختی، اصطلاحِ تجوید میں سخت اور قوی آواز کو کہتے ہیں، جن حروف میں یہ صفت پائی جاتی ہے، ان کو حروفِ شدیدہ کہا جاتا ہے حُروفِ شدیدہ کو ادا کرتے وقت آواز مخرج میں بند ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے آواز میں شدّت اور قوّت پائی جاتی ہے۔ حُروفِ شدیدہ آٹھ ہیں۔ جن کا مجموعہ ا[illegible] قَطٍ بَکَتْ۔

رَخاوت : یہ صفت شِدّت کی ضد ہے۔ لغوی معنے نرمی اور اصطلاحِ تجوید میں نرم اور ضعیف آواز کو کہتے ہیں۔ جن حروف میں یہ صفت پائی جاتی ہے ان کو حروفِ رخوہ کہا جاتا ہے، حروفِ رخوہ کو ادا کرتے وقت آواز مخرج میں جاری رہتی ہے جس کی وجہ سے آواز میں نرمی اور ضُعف پایا جاتا ہے، حروفِ شدیدہ اور متوسطہ کے علاوہ باقی سولہ حروفِ رخوہ ہیں۔

توسّط : لغوی معنے درمیان، اصطلاحِ تجوید میں شدّت اور رخاوت کی درمیانی حالت کے ساتھ پڑھنے کو کہتے ہیں، جن حروف میں یہ صفت پائی جاتی ہے، ان کو حُروفِ متوسطہ کہا جاتا ہے۔ حروفِ متوسطہ کو ادا کرتے وقت نہ تو آواز پورے طور پر بند ہوتی ہے کہ شدّت پیدا ہو جائے اور نہ ہی پورے طور پر جاری رہتی ہے کہ رخاوت پیدا ہو جائے بلکہ اس کی درمیانی حالت رہتی ہے۔ حُروفِ متوسطہ پانچ ہیں جن کا مجموعہ ہے لِنْ عُمَرْ۔

اِستعلاء : لغوی معنے، بلندی چاہنا۔ اصطلاحِ تجوید میں زبان کی جڑ کے تالو کی طرف بلند ہونے کو کہتے ہیں۔ جن حروف میں یہ صفت پائی جاتی ہے ان کو حُروفِ مستعلیہ کہا جاتا ہے۔ ان حُروف کو ادا کرتے وقت زبان کی جڑ تالو کی

طرف بلند ہوتی ہے اس لئے یہ حُروف پُر پڑھے جاتے ہیں۔ یہ حُروف سات ہیں جن کا مجموعہ خُصَّ ضَغْطٍ قِظْ ہے۔

اِستِفال: یہ استعلاء کی ضد ہے۔

اِس کے لغوی معنٰے "نیچا ہونا" اصطلاح تجوید میں زبان کی جڑ کے تالُو کی طرف نہ اُٹھنے کو کہا جاتا ہے۔ جن حُروف میں یہ صفت پائی جاتی ہے ان کو حُروفِ مُستَفِلہ کہا جاتا ہے۔ حُروفِ مُستفِلہ کو ادا کرتے وقت زبان کی جڑ تالُو کی طرف بُلند نہیں ہوتی بلکہ نیچے رہتی ہے، اسی وجہ سے یہ حُروف باریک پڑھے جاتے ہیں۔ حُروفِ مستعلیہ کے علاوہ باقی بائیس حُروفِ مستفِلہ ہیں۔

اِطباق: لغوی معنٰے مِلنا یا چپٹنا۔ اصطلاحِ تجوید میں زبان کے پھیل کر تالُو سے چپٹ جانے یا مِل جانے کو کہتے ہیں۔ جن حروف میں یہ صِفت پائی جاتی ہے ان کو حُروفِ مُطبقہ کہا جاتا ہے، ان حروف کو ادا کرتے وقت زبان تالُو سے مِل جاتی ہے جس کی وجہ سے یہ حروف بہت ہی پُر پڑھے جاتے ہیں، حروفِ مطبقہ چار ہیں صاد، ضاد، طا، ظا۔

انفتاح: یہ اطباق کی ضد ہے۔

لغوی معنٰے کھلا رہنا۔ اصطلاحِ تجوید میں زبان کے تالُو سے جدا رہنے کو کہتے ہیں۔ جن حُروف میں یہ صفت پائی جاتی ہے، ان کو حُروفِ منفتحہ کہا جاتا ہے۔ ان حُروف کو ادا کرتے وقت زبان تالو سے جدا رہتی ہے۔ حُروفِ مطبقہ کے علاوہ باقی پچّیس حروفِ منفتحہ ہیں۔

اِذلاق: لغوی معنٰے کنارہ۔ اصطلاحِ تجوید میں حروف کا دانتوں، ہونٹوں یا زبان کے کناروں سے پھسل کر بسہولت ادا ہونے کو کہتے ہیں حُروفِ مذلقہ اپنے مخرج

سے پھسل کر بسہولت ادا ہوتے ہیں۔ حروفِ مذلقہ چھ ہیں جن کا مجموعہ فَرَّ مِنْ لُبٍّ ہے۔

اصمات: یہ اذلاق کی ضد ہے۔

لغوی معنے رکنا، اصطلاحِ تجوید میں حروف کے اپنے مخارج سے جم کر مضبوطی سے ادا ہونے کو کہا جاتا ہے۔ جن حروف میں یہ صفت پائی جاتی ہے ان کو حروفِ مُصْمَتَہ کہتے ہیں، یہ حروف اپنے مخارج سے جم کر مضبوطی سے ادا ہوتے ہیں۔ حروفِ مذلقہ کے علاوہ ۲۳ تیئیس حروف مُصْمَتَہ ہیں۔

صفاتِ لازمہ متضادہ کا خلاصہ

حروفِ مہموسہ دس ہیں	فَحَثَّهٗ شَخْصٌ سَكَتَ	باقی ۱۹ انیس حروف مجہورہ ہیں۔
حروفِ شدیدہ آٹھ ہیں	أَجِدْ قَطٍ بَكَتْ۔	
حروفِ متوسّطہ پانچ ہیں	لِنْ عُمَرْ۔	باقی ۱۶ سولہ حروف رِخوہ ہیں۔
حروفِ مستعلیہ سات ہیں	خُصَّ ضَغْطٍ قِظْ۔	باقی ۲۲ بائیس حروف مستفلہ ہیں۔
حروفِ مطبقہ چار ہیں۔	صاد۔ ضاد۔ طا۔ ظا۔	باقی ۲۵ پچیس حروف منفتحہ ہیں۔
حروفِ مذلقہ چھ ہیں۔	فَرَّ مِنْ لُبٍّ۔	باقی ۲۳ تیئیس حروف مصمتہ ہیں۔

صفاتِ لازمہ غیر متضادہ کی اقسام

صفاتِ لازمہ غیر متضاد کی پانچ قسمیں ہیں:

۱۔ صفیر ۲۔ قلقلہ ۳۔ تکریر ۴۔ تفشّی ۵۔ استطالت۔

۱۔ صفیر: لغوی معنے سیٹی

اصطلاحِ تجوید میں سیٹی کی طرح تیز آواز کو کہتے ہیں جن حروف میں یہ صفت

پائی جاتی ہے ان کو حروفِ صفیریہ کہا جاتا ہے۔ ان حروف کو ادا کرتے وقت آواز سیٹی کی طرح نکلتی ہے۔ یہ تین حروف ہیں ز۔ س۔ ص۔

۲۔ **قلقلہ:۔** لغوی معنی جنبش، اصطلاحِ تجوید میں حروف کے سکون کے وقت ان کے مخرج میں پیدا ہونے والی جنبش کو قلقلہ کہتے ہیں۔ جن حروف میں یہ صفت پائی جاتی ہے ان کو حروفِ قلقلہ کہا جاتا ہے، ان حروف کو ادا کرتے وقت سکون کی حالت میں ان کے مخرج میں جنبش پیدا ہوتی ہے۔ حروفِ قلقلہ پانچ ہیں جن کا مجموعہ قُطُبُ جَدٍّ ہے۔

۳۔ **تکریر:۔** لغوی معنی کسی چیز کا بار بار ہونا۔ اصطلاحِ تجوید میں نوکِ زبان میں کپکپاہٹ پیدا ہونے کو کہتے ہیں، یہ صفت حرف "راء" میں پائی جاتی ہے اور اس کی ادائیگی کے لئے اصل تکرار سے بچنا چاہیئے، صرف نوکِ زبان میں ہلکی سی کپکپاہٹ پیدا ہونی چاہیئے۔

۴۔ **تفشّی:۔** لغوی معنی پھیلنا۔ اصطلاحِ تجوید میں منہ میں آواز کے پھیلنے کو کہتے ہیں، یہ صفت حرف "شین" میں پائی جاتی ہے اور شین کو ادا کرتے وقت منہ میں آواز پھیل جاتی ہے۔

۵۔ **استطالت:۔** لغوی معنے لمبائی چاہنا۔ اصطلاحِ تجوید میں حرف کے مخرج میں دیر تک آواز کے جاری رہنے کو کہتے ہیں، یہ صفت حرفِ ضاد میں پائی جاتی ہے۔ ضاد کو ادا کرتے وقت زبان شروع مخرج سے آخرِ مخرج تک آہستہ آہستہ لگتی ہے جس کی وجہ سے آواز میں طوالت پیدا ہوتی ہے۔

نقشۂ مخارجِ حروف و صفاتِ حروف

ہر حرف میں صفاتِ لازمہ متضادہ میں سے کوئی نہ کوئی صفت ضرور ہوگی اور جس حرف میں جو صفت ہوگی، اس کی ضد اس حرف میں نہیں ہوسکے گی۔ اس لحاظ سے ہر حرف میں صفاتِ لازمہ متضادہ میں سے پانچ صفتیں تو ضرور ہوں گی۔

نقشہ (۱)

حروف	مخارج	صفات					
ا	جوفِ دہن۔	جہر	رخاوت	استفال	انفتاح	اصمات	
ب	دونوں ہونٹوں کی تری سے۔	″	شدت	″	″	اذلاق	قلقلہ
ت	نوکِ زبان اور ثنایا علیا کی جڑیں۔	ہمس	″	″	″	اصمات	
ث	نوکِ زبان اور ثنایا علیا کے کنارے۔	″	رخاوت	″	″	″	
ج	درمیان زبان درمیان تالو۔	جہر	شدت	″	″	″	قلقلہ
ح	وسطِ حلق۔	ہمس	رخاوت	″	″	″	
خ	ابتدائے حلق۔	″	″	استعلاء	″	اصمات	
د	نوکِ زبان اور ثنایا علیا کی جڑیں۔	جہر	شدت	استفال	″	″	قلقلہ
ذ	نوکِ زبان اور ثنایا علیا کے کنارے۔	″	رخاوت	″	″	″	
ر	نوکِ زبان مائل بہ پشت اور مقابل کا تالو۔	″	توسط	″	″	اذلاق	تکریر

حروف	مخارج	صفات					
ز	نوکِ زبان اور ثنایا سفلی کے کنارے مع اتصال ثنایا علیا۔	جہر	رخاوت	استفال	انفتاح	اصمات	صفیر
س	نوکِ زبان اور ثنایا سفلے کے کنارے مع اتصال ثنایا علیا۔	ہمس	رخاوت	"	"	"	"
ش	درمیان زبان درمیان تالو۔	"	"	"	"	"	تفشی
ص	نوکِ زبان اور ثنایا سفلے کے کنارے مع اتصال ثنایا علیا۔	"	"	استعلاء	اطباق	"	صفیر
ض	حافۂ لسان یعنی زبان کا بغلی کنارہ اور اوپر کی داڑھوں کی جڑیں۔	جہر	"	"	"	"	استطالت
ط	نوکِ زبان اور ثنایا علیا کی جڑیں۔	"	شدت	"	"	"	قلقلہ
ظ	نوکِ زبان ثنایا علیا کے کنارے۔	"	رخاوت	"	"	"	"
ع	وسطِ حلق۔	"	توسط	استفال	انفتاح	"	
غ	ابتدائے حلق۔	"	رخاوت	استعلاء	"	"	
ف	ثنایا علیا کے کنارے اور شفتِ سفلی کا تر حصہ۔	ہمس	"	استفال	"	اذلاق	
ق	زبان کی جڑ اور تالو کا نرم حصہ	جہر	شدت	استعلاء	"	اصمات	قلقلہ
ک	زبان کی جڑ اور تالو کا سخت حصہ	ہمس		استفال	"	"	
ل	طرفِ لسان اور ضواحک سے ثنایا علیا تک مقابل کا تالو۔	جہر	توسط	"		اذلاق	
م	دونوں ہونٹوں کے خشک حصے۔	"	"	"	"	"	"

حُروف	مخارج	صفات				
ن	طرفِ لسان اور انیاب سے ثنایا سمت، قابل سا تالو۔	جہر	توسّط	استفال	انفتاح	اذلاق
و (غیر مدّہ)	دونوں ہونٹوں کو گول کر کے ناتمام ملانے سے۔	”	رخاوت	”	”	اصمات
و (مدّہ)	جوفِ دہن۔					
ہ	انتہائے حلق۔	ہمس	”	”	”	”
ء	”	جہر	شدّت	”	”	”
ی (غیر مدّہ)	درمیان زبان درمیان تالو۔	”	رخاوت	”	”	”
ی (مدّہ)	جوفِ دہن					

صِفاتِ عارضہ کا بیان

صفاتِ عارضہ جو حروف میں کبھی ہوتی ہیں اور کبھی نہیں ہوتیں اور یہ صفات تمام حُروف میں نہیں بلکہ بعض حُروف میں ہوتی ہیں۔ جن حُروف کی ادائیگی میں یہ صفات ادا نہ ہوں گی، وہ حروف تو صحیح ہوں گے البتہ ان کی تحسین میں کمی آئیگی جیسے رَا، مفتوح ہو تو پُر اور مکسورہ ہو تو باریک پڑھی جاتی ہے۔

صفاتِ عارضہ ستر ہیں جو مُختلف حالتوں میں مُختلف حروف میں پائی جاتی ہیں اور یہ آٹھ حُروف (ا و یر م ل ا ن) ہیں۔

صفاتِ عارضہ یہ ہیں

۱۔ ترقیق : باریک پڑھنا۔

۲۔ تفخیم : پُر پڑھنا۔

۳۔ ابدال : بدلنا۔

۴۔ تسہیل : تحقیق اور ابدال کی درمیانی حالت۔

۵۔ اِثبات : حرف کو باقی رکھنا۔

۶۔ حذف : حرف کو ختم کرنا۔

۷۔ مدّ : مدّ کرنا۔

۸۔ اِمالہ : فتحہ کو کسرے اور الف کو یاء کی طرف مائل کرنا۔

۹۔ لین : مدّ کی طرح نرمی کرنا۔

۱۰۔ غنّہ : ناک میں آواز لے کر پڑھنا۔

۱۱۔ اِظہار : حرف کو اس کے مخرج سے مع جمیع صفات پڑھنا۔

۱۲۔ اِدغام : ملا دینا۔

۱۳۔ قلب : بدلنا۔

۱۴۔ اِخفاء : پوشیدہ کرنا۔ بین الاظہار والادغام یعنی اظہار و ادغام کی درمیانی حالت۔

۱۵۔ اِدغامِ شفوی : میم کو میم میں مدغم کرنا۔

۱۶۔ اِخفاءِ شفوی : میم ساکن کے بعد ب ہو تو میم کو پوشیدہ کر کے پڑھنا۔

۱۷۔ اِظہارِ شفوی : میم ساکن کے بعد نہ میم ہو نہ باء اور نہ الف، باقی چھبیس حروف میں سے کوئی حرف ہو۔

نقشہ صفاتِ عارضہ اور وہ حروف جن میں یہ صفت پائی جاتی ہے

ء	ا	و	ی	ن	م	ل	ر
ترقیق	مدّہ	مدّہ	مدّہ	غنّہ	غنّہ	ترقیق	تفخیم
تحقیق	ترقیق	لین	لین	اظہارِ حلقی	اظہارِ شفوی	تفخیم	ترقیق
ابدال	تفخیم	تفخیم[1]	ترقیق	ادغام مع الغنہ	ادغام مع الغنہ		
تسہیل	امالہ کبریٰ یا صغریٰ			ادغام بلا غنہ	اخفاءِ شفوی		
اثبات	اثبات	اثبات	اثبات	اقلاب			
حذف	حذف	حذف	حذف	اخفاء			

صفاتِ عارضہ کے اجراء کے قواعد

نونِ ساکن اور تنوین کا فرق

۱۔ نونِ ساکن جو لکھا جاتا ہے اور پڑھا بھی جاتا ہے۔

۲۔ نونِ ساکن کلمے کے درمیان میں بھی آسکتا ہے اور آخر میں بھی۔

۳۔ نونِ ساکن اسم فعل اور حرف تینوں میں آتا ہے۔

۴۔ نونِ ساکن وقف میں بھی پڑھا جاتا ہے اور وصل میں بھی۔

نونِ تنوین

۱۔ وہ نونِ ساکن جو لکھا نہیں جاتا مگر پڑھا جاتا ہے۔

۲۔ یہ کلمے کے آخر میں آتا ہے درمیان میں نہیں آتا۔

---

[1] تفخیم علی الاختلاف۔

۳۔ یہ صرف اسم کے آخر میں آتا ہے فعل میں نہیں آتا۔

۴۔ یہ وصل میں پڑھا جاتا ہے اور وقف کی صورت میں دو زبر ہوں تو الف سے بدل جاتا ہے اور دو زیر دو پیش کی صورت میں حذف ہو جاتا ہے۔

نون ساکن اور تنوین کے چار قاعدے ہیں

۱۔ اظہار ۲۔ ادغام ۳۔ قلب ۴۔ اخفاء

اظہار: لغوی معنے ظاہر کرنا، اصطلاحِ تجوید میں حرف کو اس کے مخرج سے بغیر کسی تغیر اور غنہ کے ادا کرنے کو کہتے ہیں۔ جب نُون ساکن اور نون تنوین کے بعد حُروفِ حلقی میں سے کوئی حرف آجائے تو وہاں اظہار ہوتا ہے اور اِس کو اظہارِ حلقی کہتے ہیں۔

حروفِ حلقی چھ ہیں: ء، ھ، ع، ح، غ، خ

نُون ساکن کے بعد حرُوفِ حلقی کی مثالیں

۱۔ مِنْ اَجَلٍ
۲۔ مِنْهُمْ
۳۔ اَنْعَمْتَ
۴۔ مِنْ حَقٍّ
۵۔ مِنْ غَيْرِهٖ
۶۔ مِنْ خَوْفٍ

نُون تنوین کے بعد حرُوف حلقی کی مثالیں

۱۔ اِذًا اَبَدًا
۲۔ كُلًّا هَدَيْنَا
۳۔ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ
۴۔ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ
۵۔ عَفُوٌّ غَفُوْرٌ
۶۔ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ

اِدغام : لغوی معنی کسی چیز کو کسی چیز میں ملا دینا۔
اصطلاحِ تجوید میں ایک ساکن حرف کو دوسرے متحرک حرف میں اِس طرح ملانے کو کہتے ہیں کہ دونوں حرف ایک مشدّد حرف پڑھا جائے جیسے مَنْ رَّبُّكَ۔

جب نون ساکن اور نُون تنوین کے بعد حروفِ یَرْمَلُوْنَ میں سے کوئی حرف آئے تو وہاں ادغام ہوگا، لام، راء میں بلا غنّہ باقی یُومِنُ کے چار حُروف میں باغنّہ ادغام ہوگا۔

نُون ساکن کے بعد حُروفِ یَرْمَلُوْنَ کی مثالیں

۱. مَنْ یَّفْعَلُ	۴. اَنْ لَّمْ
۲. مَنْ رَّبُّكَ	۵. مِنْ وَّرَآئِهٖ
۳. مِنْ مِّثْلِهٖ	۶. مِنْ نَّفْسِهٖ

نُون تنوین کے بعد حُروفِ یَرْمَلُوْنَ کی مثالیں

۱. رَجُلٌ یَّسْعٰی	۴. رِزْقًا لَّكُمْ۔
۲. غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ	۵. صَیْحَةً وَّاحِدَةً۔
۳. كَثِیْرًا مِّنْ	۶. سُلْطَانًا نَّصِیْرًا۔

قلب : لغوی معنے بدلنا۔ اصطلاحِ تجوید میں ایک حُروف کو دُوسرے حرف سے بدل دینے کا نام قلب ہے۔ جب نون ساکن اور نونِ تنوین کے بعد باء آئے تو نونِ ساکن اور نونِ تنوین کو میم سے بدل کر غنّہ کے ساتھ پڑھیں گے جیسے مِنْۢ بَعْدِ۔ اَلِیْمٌۢ بِمَا۔

اِخفاء : لغوی معنے پوشیدہ کرنا۔ اصطلاحِ تجوید میں اظہار اور ادغام کی درمیانی حالت۔ نون ساکن اور نونِ تنوین کے بعد جب حُروفِ حلقی اور حُروفِ یَرْمَلُوْنَ

الف اور با اور ہ کے سوا باقی حروف میں سے کوئی حرف آئے تو اخفاء ہوگا یعنی نون ساکن اور نون تنوین کو اس کے مخرج سے اس طرح پڑھنا کہ زبان نون کے مخرج تک نہ پہنچے البتہ قریب ہو جائے اور غنہ ایک الف کے برابر ہو تک ہے۔

حروف اخفاء مندرجہ ذیل ہیں۔

ت ث ج د ذ ز س ش ص ض ط ظ ف ق ك۔

نون ساکن کے بعد حروف اخفاء کی مثالیں

۱۔ اِنْتِقَامٌ	۹۔ مَنْصُوْرًا
۲۔ مِنْ ثَمَرَةٍ	۱۰۔ مَنْ ضَلَّ
۳۔ مَنْ جَآءَ	۱۱۔ مِنْ طِيْنٍ
۴۔ مَنْ دَخَلَ	۱۲۔ يَنْظُرُ
۵۔ مَنْ ذَا الَّذِيْ	۱۳۔ يُنْفِقُ
۶۔ كَنْزٌ	۱۴۔ مَنْ قَالَ
۷۔ يَنْسِلُوْنَ	۱۵۔ مِنْكُمْ
۸۔ مَنْ شَهِدَ	

نون تنوین کے بعد حروف اخفاء کی مثالیں

۱۔ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ	۵۔ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ
۲۔ قَوْلًا ثَقِيْلًا	۶۔ غُلٰمًا زَكِيًّا
۳۔ عَيْنٌ جَارِيَةٌ	۷۔ قَوْلًا سَدِيْدًا
۴۔ كَاْسًا دِهَاقًا	۸۔ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ

۹۔ صَفًّا صَفًّا
۱۰۔ عَذَابًا ضِعْفًا
۱۱۔ صَبْحًا طَوِيْلًا
۱۲۔ ظِلًّا ظَلِيْلًا

۱۳۔ قَوْمٌ فٰسِقُوْنَ
۱۴۔ رِزْقًا قَالُوْا
۱۵۔ بِدَمٍ كَذِبٍ

اَلف، لَام اور رَاء کے تفخیم و ترقیق کے قاعدے

کل انتیس حُروف میں سے حروفِ مستعلیہ یعنی خُصَّ ضَغْطٍ قِظْ ہر حالت میں پُر پڑھے جاتے ہیں۔ اِن کے علاوہ باقی تمام حُروفِ مستفلہ باریک پڑھے جاتے ہیں مگر الف، لام، راء کبھی باریک اور کبھی پُر پڑھے جاتے ہیں۔

الف کے قواعد: الف ہمیشہ اپنے ماقبل کا تابع ہوتا ہے، اگر ماقبل حرف باریک ہو تو الف بھی باریک پڑھا جاتا ہے اور اگر ماقبل حرف پُر ہو تو الف بھی پُر پڑھا جاتا ہے جیسے قَالَ میں پُر اور مٰلِكِ میں باریک۔

لام کے قواعد: لفظِ اَللّٰه کا لام جبکہ اِس سے پہلے حرف پر زبر یا پیش ہو تو پُر پڑھا جاتا ہے جیسے وَاللّٰهِ، رَسُوْلُ اللّٰهِ۔ اَللّٰهُمَّ وغیرہ اور اگر اس لام کے ماقبل حرف پر زیر ہو تو باریک پڑھا جاتا ہے مثلاً لِلّٰهِ۔ بِاللّٰهِ وغیرہ۔

مندرجہ ذیل صورتوں میں رَاء مفخم یعنی پُر پڑھی جائیگی؛

۱۔ جبکہ رَاء مفتوح ہو یا مضموم مثلاً رَشَدًا۔ رُشْدًا
۲۔ جبکہ رَاء ساکن ہو اور اس کے ماقبل حرف مفتوح ہو یا مضموم مثلاً يَرْجِعُ، تُرْجَعُ

۳۔ راء ساکن سے پہلے کسرہ دوسرے کلمہ میں ہو مثلاً رَبِّ ارْجِعُوْنِ۔

۴۔ راء ساکن سے پہلے کسرہ عارضی ہو مثلاً اِرْجِعُوْا۔

۵۔ راء ساکن کے بعد حُروفِ مستعلیہ میں سے کوئی حرف اسی کلمہ میں ہو جیسے اِرْصَادٌ مگر فِرْقٍ کی راء پُر اور باریک دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں۔

۶۔ راء وقف کی وجہ سے ساکن ہو اور اس کا ماقبل بھی ساکن ہو اور اس کے ماقبل حرف مفتوح ہو یا مضموم مثلاً قَدْرٌ ، اُمُوْرٌ۔

رائے مُرامہ : رومِ کے معنے حرکت کا کچھ حصّہ پڑھنا جس راء پر وقف بالروم کیا گیا ہو وہ راء اپنی حرکت کے مطابق پڑھی جائے گی مثلاً قَدْرِ کی راء پر اگر وقف بالرّوم کیا گیا ہو تو راء باریک ہو گی اور عَفُوْرٌ[1] کی راء میں اگر وقف بالروم ہو گا تو پُر۔

رائے مُشدّد : راء مشدّد بھی اپنی حرکت کے مطابق پڑھی جائے گی اور راء مدغمہ دوسری راء کے تابع ہو گی مثلاً فَفِرُّوْا اور ذُرِّيَّةً۔

رائے مُمالہ : راء ممالہ وہ راء ہے جس میں اِمالہ کیا گیا ہو اور یہ راء باریک پڑھی جاتی ہے اِمالہ کے معنے مائل کرنا۔

اِصطلاحِ تجوید میں اَلف کو یاء اور فتحہ کو کسرہ کی طرف مائل کر کے پڑھنے کو کہتے ہیں۔ اِمالے کی دو قسمیں ہیں : اِمالۂ صُغریٰ اور اِمالۂ کُبریٰ۔

روایتِ حفص میں سارے قرآن میں صرف ایک جگہ لفظ مَجْرٖىهَا میں اِمالہ ہوتا ہے۔ اِمالۂ صُغریٰ مَجْرٖيهَا ہو گا اور اِمالۂ کُبریٰ مَجْرٖیهَا یعنی کسرۂ مجہول کی طرح اور لفظ مَجْرٖىهَا میں اِمالۂ کبریٰ ہی ہوتا ہے۔

---

[1] راء مُرامہ اس راء کو کہتے ہیں جس پر وقف بالروم کیا جائے۔

مندرجہ ذیل صورتوں میں را باریک ہوگی

۱- جب را مکسور ہو جیسے شَرِبَ۔

۲- را ساکن ماقبل کسرہ اصلی اسی کلمہ میں ہو اور را کے بعد حرفِ مستعلیہ نہ ہو جیسے فِرْعَوْنَ۔

۳- را ساکن سے پہلے یائے ساکنہ ہو جیسے خَیْرٌ۔

۴- را موقوفہ کا ماقبل بھی ساکن ہو تو اس کا ماقبل اگر کسرہ ہو تو را باریک ہوگی، جیسے فِکْرْ، ذِکْرْ۔

میم ساکن کے قواعد

میم ساکن کے تین قاعدے ہیں:۔

۱- اِدغامِ شفوی ۲- اِخفائے شفوی ۳- اِظہارِ شفوی

ادغامِ شفوی: اگر میم ساکن کے بعد میم آجائے تو پہلی میم کو دوسری میم میں مدغم کردیں گے۔ اسے ادغامِ شفوی کہتے ہیں مثلاً وَکَمْ مِّنْ۔

اِخفاءِ شفوی: اگر میم ساکن کے بعد (ب) آجائے تو میم کو اس کے مخرج میں چھپا کر پڑھتے ہیں۔ اِسے اخفاءِ شفوی کہتے ہیں مثلاً وَمَاهُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ۔

اظہارِ شفوی: اگر میم ساکن کے بعد با، میم اور الف کے علاوہ چھبیس حروف میں سے کوئی حرف آجائے تو اظہارِ شفوی ہوگا، یعنی میم کو اپنے مخرج سے ظاہر کرکے پڑھیں گے۔ مثلاً وَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ۔ اَلَمْ نَشْرَحْ۔

اِدغام کا بیان

اِدغام کی تین قسمیں ہیں : ۱۔مِثلَین ۲۔متجانسین ۳۔مُتقارِبین

۱۔ **اِدغامِ مثلین :** اگر ایک حرف دو مرتبہ ایک یا دو کلموں میں جمع ہو اور پہلا اُن میں سے ساکن اور دُوسرا متحرک ہو تو پہلے کو دُوسرے میں مدغم کریں گے، اُس کو اِدغامِ مثلین کہتے ہیں مثلاً اِذْذَهَبَ، يُدْرِكْكُّمْ۔

۲۔ **اِدغامِ متجانسین :** اگر ایسے دو حرف ایک کلمہ یا دو کلموں میں جمع ہوں جن کا مخرج ایک ہو اور حُروف الگ الگ اور پہلا حرف ساکن اور دوسرا حرف متحرک ہو تو پہلے کو دُوسرے میں مدغم کریں گے۔ اِس کو ادغامِ متجانسین کہتے ہیں جیسے عَبَدْتُّمْ ، قَدْ تَّبَيَّنَ۔ اُدغامِ مثلین اور متجانسین کی دو قسمیں ہیں : ۱۔واجب ۲۔جائز

۱۔ **واجب :** مثلین اور متجانسین کا پہلا حرف اگر خود ہی ساکن ہو تو وہاں اِدغام واجب ہے اور اس کو ادغامِ صغیر بھی کہتے ہیں جیسے اِذْذَهَبَ، قَدْ تَّبَيَّنَ۔

۲۔ **جائز :** اگر پہلا حرف ساکن کر کے اِدغام کریں تو اسے ادغامِ جائز کہتے ہیں مثلاً مَدَّ اصل میں مَدَدَ تھا۔

ادغامِ متقارِبین : اگر ایسے دو حرف ایک کلمہ یا دو کلموں میں جمع ہوں جو باعتبار مخرج اور صفات کے قریب قریب ہوں تو ان کے ادغام کو ادغامِ متقاربین کہتے ہیں جیسے اَلَمْ نَخْلُقكُّمْ ، قُلْ رَّبِّ وغیرہ۔

ادغامِ متقاربین اور متجانسین کی دو قسمیں ہیں : ۱۔تام ۲۔ناقص

۱۔ تام : اگر پہلے حرف کو دوسرے سے بدل کر ادغام کیا جس سے پہلے حرف کی
کوئی صفت باقی نہ رہے تو اس کو ادغامِ تام کہتے ہیں جیسے مِنْ لَّدُنْہُ
اِذْ ظَّلَمُوْا۔

۲۔ ناقص : اگر مدغم کی کوئی صفت ادغام کے بعد باقی رہے تو وہ ادغامِ ناقص ہو گا۔
جیسے مَنْ یَّقُوْلُ۔ اَحَطْتُّ وغیرہ۔

مَدّ اور اس کی اقسام

مَدّ کے لغوی معنٰے درازی اور اصطلاحِ تجوید میں حروفِ مدّہ یا لین پر
آواز کے دراز کرنے کو مَدّ کہا جاتا ہے جب کہ ان کے بعد اسبابِ مدّہ میں سے کوئی
سبب پایا جائے۔

حروفِ مدّہ : حروفِ مدّہ تین ہیں ا، و، ی۔

۱۔ واؤ ساکن ماقبل مضموم جیسے قَالُوْا میں واؤ۔

۲۔ الف ساکن ماقبل مفتوح جیسے وَمَا میں الف۔

۳۔ یاء ساکن ماقبل مکسور جیسے فِیْ میں یاء۔

حروفِ لین : حروفِ لین دو ہیں۔ و، ی۔

۱۔ واؤ ساکن ماقبل مفتوح جیسے خَوْفٍ میں واؤ۔

۲۔ یاء ساکن ماقبل مفتوح جیسے ضَیْفِ میں یاء۔

اسبابِ مَدّ : اسبابِ مَدّ دو ہیں : ۱۔ ہمزہ (ء) اور ۲۔ سکون (ْ)

مَدّ کی اقسام : مَدّ کی دو قسمیں ہیں : ۱۔ مَدِّ اصلی ۲۔ مَدِّ فرعی

۱۔ مَدِّ اصلی : اگر حرفِ مدّہ کے بعد مَدّ کا کوئی سبب نہ ہو تو اس کو مَدِّ اصلی،

طبیعی یا ذاتی کہتے ہیں جیسے اُوْتِیْنَا میں واؤ، یاء اور الف۔ اِس مدّ کی

مقدار ایک الف کے برابر ہوتی ہے۔ الف کی مقدار ماہر تجوید کے نزدیک

بند انگلی کو نہ بہت آہستہ اور نہ بہت جلدی کھولنے یا اسی طرح کھلی ہوئی انگلی

کو بند کرنے میں جس قدر دیر لگتی ہے، یہ ایک الف کا اندازہ ہے۔

۱۔ مدِّ فرعی : اگر حرفِ مدّہ یا لین کے بعد مدّ کا سبب پایا جائے تو اس کو

مدِّ فرعی کہتے ہیں۔

مدِّ فرعی کی اقسام : مدِّ فرعی کی مشہور چار قسمیں ہیں :

۱۔ مدِّ متّصل ۲۔ مدِّ منفصل ۳۔ مدِّ عارض ۴۔ مدِّ لازم

مدّ کا سبب اگر ہمزہ ہو تو اس کی دو قسمیں ہیں : ۱۔ مدِّ متّصل ۲۔ مدِّ منفصل

مدِّ متّصل : اگر حرفِ مدّہ کے بعد ہمزہ اسی کلمے میں ہو جس میں حرفِ مدّہ ہے تو

اس کو مدِّ متّصل کہتے ہیں جیسے جَآءَ۔ مَلٰٓئِكَةٌ۔ اُولٰٓئِكَ۔

مقدار : اس مدّ کی مقدار دو الف، اڑھائی الف اور چار الف تک ہو سکتی ہے۔

اِس مدّ کو واجب بھی کہا جاتا ہے۔

مدِّ منفصل : اگر حرفِ مدّہ کے بعد ہمزہ دوسرے کلمے میں ہو تو اس کو مدِّ منفصل

کہتے ہیں جیسے وَمَآ اُنْزِلَ۔ تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ۔ اِنِّیْٓ اَخَافُ

مقدار : اِس مدّ کی مقدار دو الف، اڑھائی الف، چار الف ہے۔ اس کے

علاوہ قصر بھی جائز ہے، اِس مدّ کو مدّ جائز بھی کہتے ہیں۔

مدّ کا سبب اگر سکون ہے تو اس کی دو قسمیں ہیں۔

۱۔ مدِّ عارض ۲۔ مدِّ لازم

مدِّ عارض : اگر حرفِ مدّہ یا حرفِ لین کے بعد سکون عارضی[۱] ہو تو پہلی

---

[۱] سکونِ عارضی : یعنی اصل میں تو حرف متحرک ہوتا ہے مگر وقف کرنے کی وجہ سے اس کو ساکن کر دیا جاتا ہے۔

کو مدِ عارض اور دوسری کو مدِ لین عارض کہتے ہیں جیسے رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ کے
نون خَوْفٌ کی فاء کا سکون۔

مقدار : مدِ عارض اور مدِ لین میں طول، توسّط اور قصر ہوتا ہے۔ طول کی
مقدار ایک قول کے مطابق تین الف اور دوسرے قول پر پانچ الف
اور توسّط پہلے قول پر دو الف اور دوسرے قول پر تین الف اور قصر
دونوں صورتوں میں ایک الف ہوتا ہے۔

مدِ عارض اور مدِ لین میں فرق :۔ مدِ عارض میں طول اولیٰ ہے۔ اس کے بعد
توسط اور اس کے بعد قصر مگر لین عارض میں قصر اولیٰ اس کے بعد
توسّط اور اس کے بعد طول کا درجہ ہے۔

مدِ لازم :۔ اگر حرف مدہ یا حرف لین کے بعد سکون اصلی[1] ہو تو پہلی کو مدِ لازم
اور دوسری کو مدِ لین لازم کہتے ہیں۔

مدِ لازم کی چار قسمیں ہیں :۔
۱۔ مدِ لازم کلمی مثقل ۲۔ مدِ لازم کلمی مخفف ۳۔ مدِ لازم حرفی مثقل
۴۔ مدِ لازم حرفی مخفف۔

۱۔ مدِ لازم کلمی مثقل :۔ اگر کلمے میں حرف مدہ کے بعد سکون اصلی بالتشدید ہو
تو اس کو مدِ لازم کلمی مثقل کہتے ہیں جیسے اَتُحَآجُّوْٓنِّیْ۔ اَلصَّآفّٰتِ۔

۲۔ مدِ لازم کلمی مخفف : اگر کلمے میں حرفِ مدہ کے بعد سکون اصلی بغیر تشدید کے ہو
تو اس کو مدِ لازم کلمی مخفف کہتے ہیں جیسے آٰلْـٰٔنَ۔ اِس مد کی یہی ایک مثال
ہے جو سورۂ یونس میں دو مرتبہ آئی ہے۔

۳۔ مدِ لازم حرفی مثقل :۔ اگر حرف میں حرفِ مدہ کے بعد سکون اصلی بالتشدید ہو۔

---

[1] سکون اصلی اس کو کہتے ہیں جو وقف و وصل دونوں میں سکون ہی رہے جیسے آٰلْـٰٔنَ میں لام کا سکون۔

تو اس کو مدِّ لازم حرفی مثقّل کہتے ہیں جیسے الٓـمّٓ۔

فائدہ:- اس کی اصل صورت مندرجہ ذیل ہے الف، لام، میم لام کی میم پر سکون اصلی ہے اور اس کے بعد میم کی پہلی متحرک میم میں لام کی ساکن میم ادغامِ مثلین کے قاعدے کے مطابق دوسری متحرک میم میں مدغم ہو جانے کے بعد میم مشدّد ہو گئی ہے۔

۲۔ مدِّ لازم حرفی مخفف:- اگر حرف میں حرفِ مدّ کے بعد سکون اصلی بغیر تشدید کے ہو تو اس کو مدِّ لازم حرفی مخفف کہتے ہیں جیسے الٓـمّٓ میں یائے مدّہ کے بعد میم ساکن اصلی ہے۔

فائدہ:- مدِّ لازم حرفی کی دونوں قسمیں حروفِ مقطعات (جو سورتوں کے اوّل میں آتے ہیں) کے تین حرفی حروف میں آتی ہیں۔

مقدار:- مدِّ لازم کی چاروں اقسام میں طول ہی ہوگا۔

مدِّ لین لازم:- اگر حرف میں حرفِ لین کے بعد سکون اصلی ہو تو اس کو مدِّ لین لازم کہتے ہیں جیسے عَیْنْ۔ یہ قرآن میں صرف دو مرتبہ آتی ہے، سورۂ مریم اور سورۂ شوریٰ کے شروع میں حروفِ مقطعات میں واقع ہے کٓهٰیٰعٓصٓ (مریم)، حٰمٓ عٓسٓقٓ (شوریٰ)۔

مدِّ لین لازم کی مقدار:- مدِّ لین لازم میں طول، توسط، قصر ہوتا ہے۔ اس مدّ میں طول اولیٰ ہے اس کے بعد توسط اور پھر قصر کا درجہ ہے۔

دلیل کے قوی اور ضعیف ہونے کے لحاظ سے مدّوں کی ترتیب:-

سب سے قوی مدّ، مدِّ لازم ہے، اس کے بعد مدِّ متصل، اس کے بعد مدِّ عارض، مدِّ منفصل، پھر مدِّ لین لازم اور پھر مدِّ لین عارض۔

وجوہاتِ مدّ کا بیان

مدّ عارض اور مدّ لین میں موقوف علیہ اگر مفتوح ہے تو چونکہ یہاں وقف بالاسکان ہوگا اس لئے مدّ کی تین وجہیں ہوں گی یعنی طول، توسط، قصر تینوں جائز ہیں۔

تَعۡلَمُونَ : طول، توسط، قصر مع الاسکان۔

غَيۡرَ : قصر، توسط، طول مع الاسکان۔

مدّ عارض اور مدّ لین عارض کا موقوف علیہ اگر مکسور ہے تو چونکہ وقف دو طرح سے ہوگا یعنی وقف بالاسکان اور وقف بالرَّوم، اس لئے مدّ کی وجہیں چھ نکلیں گی، تین اسکان میں اور تین روم میں جس میں چار وجہیں جائز اور دو ناجائز ہیں جیسے :

اَلرَّحِيۡمِ : طول - توسط - قصر مع الاسکان۔

طول - توسط - قصر مع الروم۔

خَوۡفٍ : قصر - توسط - طول مع الاسکان

قصر - توسط - طول مع الروم۔

فائدہ :- روم کی حالت میں مدّ اس لئے نہیں ہوتی کہ مدّ کا سبب سکون ختم ہو جاتا ہے اور حرفِ موقوف متحرک ہو جاتا ہے۔

مدّ عارض اور مدّ لین عارض میں موقوف علیہ اگر مضموم ہوگا تو وقف چونکہ تین طرح ہوگا یعنی وقف بالاسکان، وقف بالروم، وقف بالاشمام، اس لئے مدّ کی وجہیں نو نکلیں گی، تین اسکان میں، تین روم میں، تین اشمام میں جس میں سات وجہیں جائز ہوں گی اور دو ناجائز، جیسے :

نَسۡتَعِيۡنُ : طول - توسط - قصر مع الاسکان۔

طول۔ توسط۔ قصر مع الاشمام۔

طولؔ۔ توسّط۔ قصر الروم۔

قَـوْلٌ : قصر۔ توسط۔ طول مع الاسکان۔

قصر۔ توسط۔ طول مع الاشمام۔

قصر۔ توسّط۔ طولؔ مع الرَّوم

مدِّ متصل اور مدِّ منفصل کی مثالیں

اَسْمَآءٌ : دو الف۔ اڑھائی الف۔ چار الف اور قصر۔

وَمَآ اُنْزِلَ : دو الف۔ اڑھائی الف۔ چار الف اور قصر۔

مدِّ لازم میں صرف طول ہی ہوتا ہے۔

مدّ کی ضربی وجوہات کے بیان میں

اگر کئی مدّیں جمع ہو جائیں تو اس کی دو قسمیں ہوں گی :

۱۔ یا تو ایک ہی قسم کی مدّیں جمع ہوں گی۔ ۲۔ یا مختلف ہوں گی۔

پہلی قسم میں عقلی ضربی وجہیں چاہے کتنی ہی ہوں ان میں سے برابر کی وجہ جائز ہوگی۔ جبکہ مقدار طول و توسط میں بھی برابر ہو، باقی ناجائز ہے، مثلاً اگر دو مدّیں عارض جمع ہو جائیں تو موقوف علیہ مفتوح کی صورت میں عقلی ضربی وجہیں نو نکلیں گی جس میں تین جائز اور چھے ناجائز ہیں۔

مدِّ عارض :۔	مدِّ عارض :۔
رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ	مُسْتَقِیْمَ
طول مع الاسکان	طول۔ توسّط۔ قصر مع الاسکان
توسط مع الاسکان	طولؔ۔ توسّط۔ قصرؔ مع الاسکان
قصر مع الاسکان	طولؔ۔ توسّط۔ قصرؔ مع الاسکان

اس میں طول مع الطول، توسط مع التوسط اور قصر مع القصر جائز ہے، باقی طول مع التوسط، طول مع القصر، توسط مع الطول، توسط مع القصر، قصر مع الطول، قصر مع التوسط ناجائز ہے۔

فائدہ:۔ موقوف علیہ کے مکسور اور مضموم ہونے کی صورت میں عقلی وجہیں زیادہ نکلیں گی جائز وجہ نکالنے کے لئے مذکورہ قاعدہ پر قیاس کریں۔

مدِّ متصل مدِّ متصل کے ساتھ اور مدِّ منفصل مدِّ منفصل کے ساتھ جمع ہوں تو عقلی ضربی وجہوں کی مثالیں مثلاً اگر دو مدِّ متصل جمع ہوں تو عقلی وجہیں نو نکلیں گی جس میں صرف برابر کی تین جائز ہوں گی باقی ناجائز ہوں گی مثلاً

جَآءَ	جَآءَ		
دو الف	دو الف	ڈھائی الف	چار الف
ڈھائی الف	✗	✓	✗
چار الف	✗	✗	✓

اگر دو مدِّ منفصل جمع ہوں تو عقلی وجہیں سولہ نکلیں گی جن میں برابر کی صرف چار جائز اور باقی سب ناجائز مثلاً،

وَمَآ اُنْزِلَ	اِلَّآ اِنَّهُمْ			
دو الف	دو الف	ڈھائی الف	چار الف	قصر
ڈھائی الف	✗	✓	✗	✗
چار الف	✗	✗	✓	✗
قصر	✗	✗	✗	✓

مختلف مدّوں کے جمع ہونے کی مثالیں

اگر مختلف مدّیں جمع ہوں یعنی قوی اور ضعیف تو اس صورت میں برابر وجہیں تو جائز ہی ہیں مگر جس صورت میں قوی مدّ ضعیف سے زیادہ ہو وہ بھی جائز ہے البتہ ضعیف کو قوی پر ترجیح دینا جائز نہیں ہوگا لہٰذا اس میں جائز وجہیں زیادہ نکلیں گی مثلاً مدّ عارض اور مدّ لین عارض جمع ہو جائیں تو عقلی ضربی وجہیں نو نکلیں گی جس میں چھ وجہیں جائز اور تین ناجائز مثلاً:

مدّ عارض	مدّ لین عارض
یَعْقِلُوْنَ	رَمَیْت
طول مع الاسکان	قصر. توسّط. طول مع الاسکان
توسط مع الاسکان	قصر. توسّط. طول مع الاسکان
قصر مع الاسکان	قصر. توسّط. طول مع الاسکان

اس میں طول مع القصر مع التوسط اور مع الطول. توسط مع التوسط مع القصر. قصر مع القصر جائز اور باقی سب ناجائز۔

فائدہ:- موقوف علیہ مضموم اور مکسور ہونے کی صورت میں ضربی وجہیں اور بھی زیادہ ہوں گی مگر جائز وجہ وہی ہوگی جو برابر ہو یا قوی کو ضعیف پر ترجیح ہو۔

اسی طرح مدّ متصل اور مدّ منفصل کے اکٹھے ہونے کی صورت میں عقلی ضربی وجہیں بارہ نکلیں گی جس میں برابر کی وجہیں اور جن وجوہات میں قوی کو ضعیف پر ترجیح ہو وہ جائز ہیں مثلاً:-

جَآءَ	وَمَآ اُنْزِلَ			
دو الف	دو الف۔	ڈھائی الف۔	چار الف۔	قصر
ڈھائی الف	〃	〃	✗	〃
چار الف	〃	〃	〃	〃

ان میں نو وجہیں جائز ہیں اور باقی وجہیں ناجائز۔

فائدہ:۔ مدِ متصل، مدِ عارض اور مدِ لین عارض یا اسی طرح مختلف جمع ہوں تو وہی وجہ جائز ہوگی جو طول، توسط اور مقدار طول و توسط میں برابر یا قوی کو ضعیف پر ترجیح ہو۔

فائدہ:۔ اگر مدِ متصل میں ہمزہ آخر کلمہ میں ہو تو اس پر وقف کرنے سے مد کے دو سبب جمع ہو جائیں گے یعنی ہمزہ کی وجہ سے مدِ متصل اور ہمزہ کے سکون کرنے کی وجہ سے مدِ عارض کا لحاظ کر کے قصر نہیں کر سکتے، طول یا توسط کریں گے اور ردم کی صورت میں توسط ہوگا۔[1]

وقف، سکتہ، ابتداء اور اعادہ کے بیان میں

وقف:۔ لغوی معنی ٹھہرنا اور اصطلاحِ تجوید میں کلمے کے آخری حرف پر سانس اور آواز کو روک کر اسکان[2]، روم[3] اور اشمام[4] سے ٹھہرنے کو وقف کہا جاتا ہے۔

---

[1] مثلاً: مِنَ السَّمَآءِ۔ مَا يَشَآءُ۔

[2] اسکان:۔ جس حرف پر وقف ہو اس کو ساکن کر دینا، یہ وقف تینوں حرکات میں ہوتا ہے۔

[3] رَوم:۔ جس حرف پر وقف کیا اس کی حرکت کا کچھ حصہ خفیف آواز میں پڑھنا، یہ کسرہ اور ضمہ میں ہوتا ہے۔

[4] اشمام:۔ جس حرف پر وقف کیا جائے اس کو ساکن پڑھتے ہوئے ہونٹوں سے ضمہ کی طرف اشارہ کرنا یہ صرف ضمہ میں ہوتا ہے۔

لہٰذا موقوف علیہ[1] کو ساکن کئے بغیر محض آواز اور سانس توڑ دینا وقف نہیں ہوگا نیز موقوف علیہ کو محض ساکن کرنا بغیر آواز اور سانس کو توڑے بھی وقف نہ ہوگا۔

سکتہ: لغوی معنٰے رُکنا اور اصطلاحِ تجوید میں کسی حرف پر بغیر سانس توڑے تھوڑی دیر کے لئے آواز کو روک لینا سکتہ کہلاتا ہے۔

ابتداء: لغوی معنٰے شُروع کرنا اور اصطلاحِ تجوید میں موقوف علیہ سے آگے پڑھنے کو ابتداء کہتے ہیں مثلاً رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ پر وقف کر کے اَلرَّحْمٰنِ شُروع کرنا۔

اعادہ: لغوی معنٰے لوٹانا اور اصطلاحِ تجوید میں موقوف علیہ یا اس سے پہلے والے کلمے کو لوٹا کر پڑھنا۔

وقف کی دو قسمیں

۱. کیفیتِ وقف　　　　۲. مَحَلِّ وقف

۱. کیفیتِ وقف: موقوف علیہ کو کس طرح پڑھا جائے گا، اس کی چند صُورتیں ہیں۔

۱. موقوف علیہ ساکن ہوگا یا متحرک۔

۲. اگر ساکن ہے تو صِرف آواز اور سانس توڑ کر وقف کریں جیسے اَلَمْ نَشْرَحْ۔

۳. اگر متحرک ہے تو جیسی حرکت ہوگی اس کے مطابق اِسکان، رَوم اور اشمام سے وقف کیا جائے مثلاً یَعْلَمُوْنَ سے یَعْلَمُوْنْ، قَوْمُ، قَوْمِ سے قَوْمْ، رَسُوْلُ اور رَسُوْلٌ سے رَسُوْلْ۔

---

[1] موقوفٌ علیہ: جس حرف پر وقف کیا جائے اُسے موقوف علیہ کہتے ہیں۔

۴۔ موقوف علیہ پر دو زبر ہوں تو وقف میں ان کو الف سے بدل دیا جاتا ہے۔

۵۔ موقوف علیہ اگر گول تاء ہے تو وقف کی حالت میں ھا پڑھی جائے گی، جیسے وَسِيْلَةً سے وَسِيْلَهْ۔

۶۔ اگر موقوف علیہ لمبی تاء ہے تو تاء ہی رہے گی جیسے بَيِّنٰتٌ سے بَيِّنٰتْ۔

فائدہ: مندرجہ بالا مثالوں میں رَوم اور اِشمام کی کیفیت استاد کو خود بتانی چاہیئے۔

۲۔ محلِ وقف: یعنی کس کلمے پر وقف کرنا چاہیئے اور کس پر نہیں کرنا چاہیئے۔

وقف کی چار قسمیں ہیں: ۱۔ تام ۲۔ کافی ۳۔ حسن ۴۔ قبیح۔

۱۔ وقفِ تام: یعنی جس کلمے پر وقف کیا ہے، اس کا اپنے بعد والے کلمے سے نہ تو تعلق لفظی ہو نہ معنوی جیسے اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ

۲۔ وقفِ کافی: یعنی جس کلمے پر وقف کیا ہے اس کا اپنے بعد والے کلمے سے معنوی تعلق ہے مگر لفظی نہیں جیسے وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ۔

وقفِ تام اور وقفِ کافی میں ابتداء ہوتی ہے یعنی الْمُفْلِحُوْنَ پر وقف کر کے اِنَّ الَّذِيْنَ سے، يُؤْمِنُوْنَ پر وقف کر کے اُولٰٓئِكَ سے ابتداء کریں۔

۳۔ وقفِ حَسَن: یعنی جس کلمے پر وقف کیا ہے، اس کو اپنے بعد والے کلمے سے تعلق لفظی ہے جیسے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ پر وقف تو کر سکتے ہیں مگر رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ سے ابتداء نہیں کر سکتے بلکہ اعادہ ہو گا یعنی دوبارہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ پڑھیں گے۔

۴۔ وقفِ قبیح: یعنی جس کلمے پر وقف کیا ہے اس کو اپنے بعد والے کلمے

۱؎ جیسے كَبِيْرًا سے كَبِيْرَا، خَبِيْرًا سے خَبِيْرَا۔

سے لفظی اور معنوی دونوں تعلق ہوں بِسْمِ اللّٰہِ میں بِسْمِ پر اور اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ
میں اَلْحَمْدُ پر اور مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ میں مٰلِكِ پر وقف کرنا اور
یہ وقف کرنا جائز نہیں ہاں اگر اضطراری طور پر ہو جائے تو اعادہ ضروری ہے۔

پھر وقف کی بلحاظِ وقف چار قسمیں ہیں :۔

۱۔ **اِختیاری :** یعنی قاری باوجودیکہ سانس ہے خود اپنی مرضی سے وقف کرے۔

۲۔ **اِضطراری :** یعنی کھانسی وغیرہ کے آجانے سے مجبوراً رک جائے۔

۳۔ **اِختباری :** یعنی استاد شاگرد کا امتحاناً ٹھہرائے کہ یہ موقوف کو کیسے پڑھتا ہے۔

۴۔ **اِنتظاری :۔** یعنی کئی روایتوں کو پڑھنے کے لئے کسی کلمے پر وقف کرنا۔

فائدہ :۔ محلِ وقف کی صحیح پہچان عربی گرامر اور معانی جانے بغیر مشکل ہے لہٰذا ماہرین نے عوام کی سہولت کے لئے علاماتِ وقف لگا دی ہیں جو تقریباً ہر قرآنِ مجید میں لکھ دی جاتی ہیں مگر ان میں سے پانچ علامتیں اوقافِ معتبرہ کے نام سے موسوم ہیں اور وہ یہ ہیں ہ م ط ج ز۔
یعنی ان پانچ میں سے کسی پر بھی اگر وقف کیا جائے تو اعادہ کی ضرورت نہیں بلکہ ابتداء کی جائے گی۔ اس کے علاوہ جو رموزِ اوقاف ہیں ان پر وقف کرنے سے اعادہ ضروری ہے۔

سکتہ

اس کی تعریف پہلے بیان ہو چکی ہے۔
روایتِ حفص کی رو سے قرآنِ پاک میں چار جگہ سکتہ ہے۔

۱۔ سورہ کہف میں عِوَجًا قَیِّمًا کے عِوَجًا پر۔ ۲۔ سورۂ یٰسین کے مِنْ مَّرْقَدِنَا ھٰذَا کے مَرْقَدِنَا پر۔
۳۔ سورہ قیامہ کے مَنْ رَاقٍ میں مَنْ پر۔ ۴۔ سورہ مطففین کے بَلْ رَانَ میں بَلْ پر۔

امالہ

امالہ کے لغوی معنے مائل کرنا اور اصطلاحِ تجوید میں زبر کو زیر کی طرف اور الف کو یا کی طرف مائل کر کے پڑھنے کو امالہ کہتے ہیں۔

روایتِ حفص میں سارے قرآنِ پاک میں صرف ایک جگہ امالہ ہے یعنی بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا میں اصل میں مَجْرَاھَا ہے۔

لحن یعنی غلطی

قرآنِ پاک تجوید کے خلاف پڑھنے کو لحن[1] کہا جاتا ہے، اس کی دو قسمیں ہیں:

۱۔ جلی ۲۔ خفی

لحنِ جلی: یعنی بڑی اور واضح غلطی۔

لحنِ جلی چار قسم کی غلطیوں پر مشتمل ہوتا ہے:

۱۔ مثلاً حرف کو حرف سے بدل دیا جیسے اَلْحَمْدُ کو اَلْھَمْدُ۔

۲۔ حرکت کو حرکت سے بدل دیا جیسے اَنْعَمْتَ کو اَنْعَمْتُ۔

۳۔ حرف کو گھٹا بڑھا دیا جیسے لَمْ یَلِدْ کو لَمْ یَالِدْ اور لَمْ یُوْلَدْ کو لَمْ یُلَدْ۔

---

[1] لحن کے معنے لہجہ اور غلطی دونوں ہیں مگر یہاں لحن سے مراد غلطی یعنی قواعد تجوید کے خلاف پڑھنا ہے۔

۴۔ ساکن کو متحرک کر دیا اور متحرک کو ساکن کر دیا جیسے جَعَلْنَا کو جَعَلَنَا

اور جَعَلْنَا کو جَعَلَنَا پڑھ دیا۔

لحنِ جلی حرام غلطی ہے خواہ معنے بگڑیں یا نہ بگڑیں۔ پڑھنا اور سُننا

دونوں کا ایک ہی حکم ہے۔

لحنِ خفی:۔ یعنی معمولی غلطی۔

یہ اس وقت پیدا ہوتی ہے جب صفاتِ عارضہ میں غلطی کی جائے مثلاً

مفتوح رَا کو پُر پڑھنا تھا مگر باریک پڑھ دیا

یا

اِدغام، قلب اور اِخفاء میں غُنّہ کرنا تھا اور نہ کیا۔ یہ معمولی غلطی ہے مگر

اس سے بچنا بھی ضروری ہے۔

حروفِ قمریہ اور شمسیہ

حروفِ قمریہ:۔ جن حروف سے پہلے لامِ تعریف[1] پڑھا جائے، ان کو حروفِ قمریہ

کہتے ہیں۔ حروفِ قمریہ چودہ ہیں جن کا مجموعہ ہے اَبْغِ حَجَّكَ وَ

خَفْ عَقِيْمَہٗ جیسے:

اَلْاٰنَ، اَلْبُخْلُ، اَلْغُرُوْرُ، اَلْحَسَنَۃَ، بِالْجُنُوْدِ،

اَلْكَوْثَرَ، اَلْوَاقِعَۃُ، اَلْخَاۗىِٕنِيْنَ، اَلْفَاۗىِٕزُوْنَ، اَلْعَلِيُّ،

اَلْقَيُّوْمُ، اَلْيَوْمُ، اَلْمُحْصَنٰتُ، اَلْهِلَالُ

---

[1] لامِ تعریف: اس لام کو کہتے ہیں جو کسی اسمِ نکرہ کو معرفہ بنانے کے لئے لگایا جاتا ہے مثلاً بَلَدٌ سے اَلْبَلَدُ اور شَمْسٌ سے اَلشَّمْسُ۔

حروفِ شمسیہ :- جن حروف سے پہلے لامِ تعریف نہ پڑھا جائے بلکہ وہ اپنے بعد والے حرف میں مدغم ہوجائے ان کو حروفِ شمسیہ کہتے ہیں، حروفِ شمسیہ بھی چودہ ۱۴ ہیں جو حروفِ قمریہ کے علاوہ ہیں مثلاً :

وَالصّٰٓفّٰتِ، وَالذّٰرِيٰتِ، اَلثَّاقِبُ، اَلدَّاعِ، اَلتَّائِبُوْنَ اَلزَّيْتُوْنَ، اَلسَّائِلِيْنَ، اَلرَّحْمٰنُ، اَلشَّمْسُ، اَلضَّآلِّيْنَ، اَلطَّارِقُ، اَلظّٰلِمِيْنَ، اَللّٰهُ، اَلنَّجْمُ۔

کیفیتِ تلاوت کے تین ۳ درجے

۱۔ **ترتیل** :- یعنی بہت ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا، جیسے عام طور پر جلسوں وغیرہ میں پڑھا جاتا ہے۔

۲۔ **حدر** :- یعنی اتنی جلدی جلدی پڑھنا کہ حروف بآسانی گنے جائیں جیسے عموماً نمازِ تراویح میں پڑھا جاتا ہے۔

۳۔ **تدویر** :- یعنی ترتیل اور حدر کے درمیان درمیان پڑھنا جیسے عام طور پر فرض نمازوں میں پڑھا جاتا ہے۔

اِن تینوں درجوں کے علاوہ پڑھنے سے حروف میں اکثر کمی بیشی کا اِمکان پیدا ہوجاتا ہے۔

تلاوت کے محاسن

نمبر شمار	نام	معنے
١۔	ترتیل	قرآنِ پاک خوب ٹھہر ٹھہر کر تمام قواعدِ تجوید کی رعایت کر کے پڑھنا۔
٢۔	تجوید	حروف کو ان کے مخارج سے مع جمیع صفات ادا کرنا۔
٣۔	تبیین	یعنی ہر حرف کو واضح اور صاف طور سے ادا کرنا۔
٤۔	ترسیل	ہر حرف کو ایسے ہی ادا کرنا جیسے کہ اس کا حق ہے۔
٥۔	توقیر	قرآنِ پاک نہایت خشوع و خضوع اور پورے وقار سے پڑھنا۔
٦۔	تحسین	لحنِ عرب کے موافق تجوید کی پوری رعایت کر کے پڑھنا۔

تلاوت کے عیوب

نمبر شمار	نام	معنے	حکم
١۔	تمطیط	یعنی ترتیل میں مدّات و حرکات وغیرہ میں حد سے زیادہ دیر کرنا۔	مکروہ
٢۔	تخلیط	حدر میں اس قدر جلدی کرنا کہ حروف سمجھ میں نہ آئیں۔	حرام
٣۔	تنفیش	حرکات کو پورا نہ ادا کرنا۔	مکروہ
٤۔	تمضیغ	حرکات کو چبا چبا کر پڑھنا۔	״
٥۔	تطنین	گنگنی آواز سے پڑھنا اور ہر حرف کو ناک میں لے جانا	حرام
٦۔	تہمیز	ہر حرف میں ہمزہ ملا دینا۔	״
٧۔	تعویق	کلمے کے درمیان میں وقف کر کے بعد سے ابتداء کرنا۔	״
٨۔	وشبہ	پہلے حرف کو ناتمام چھوڑ کر دوسرے حرف کو شروع کر دینا	مکروہ

نمبر شمار	نام	معنٰے	حکم
٩-	عنعنہ	ہمزہ یا کسی اور حرف کے ساتھ عین کی آواز مِلا دینا.	حرام
١٠-	ہمہمہ	کسی حرف مخفف کو مشدّد پڑھنا.	״
١١-	زمزمہ	گانے کے طور پر پڑھنا.	״
١٢-	ترقیص	آواز کو نچانا یعنی کبھی بلند کرنا اور کبھی نیچی کرنا اگر تجوید کے مُطابق ہے تو	مکرُوہ
		وِگرنہ ۔	حرام

"وَاٰخِرُ دَعْوٰنَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ
وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی رَسُوْلِہٖ وَاٰلِہٖ
وَاَصْحٰبِہٖ اَجْمَعِیْنَ ط"